مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

عملیات کا نادر و نایاب تحفہ

پریشانیوں کا واحد حل

عملیات

تسخیر القلوب

مُرتّبہ

حضرت مولانا مولوی افسر صاحب صابری دہلوی

نیو سلور بک ایجنسی

محمد علی بلڈنگ۔ بھنڈی بازار بمبئی ۳

نام کتاب:۔ عملیاتِ تسخیر القلوب

سنگدل محبوب کو تسخیر کرنے اور بندۂ بے دام بنانے کے عملیات

محبت ۔ شادی ۔ حصولِ روزگار ۔ فروغِ کاروبار فراوانیٔ دولت ۔ بیماری سے نجات ۔ تجارت میں کامیابی ۔ اُمراء ۔ وزراء اور حُکام کو تسخیر کرنے بھوت اور پریوں کو قابو میں کرنے کے عمل ۔ طلسمات طلسم اور ہر دنیاوی مُشکل سے نجات حاصل کرنے کے لئے عملیات اور تعویذات کا بیش بہا مُرقع۔

نیو سلور بُک ایجنسی ۔ محمد علی بلڈنگ بھنڈی بازار بمبئی ۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّلین !

عملیات تسخیر القلوب کتب عملیات میں ایک نادر اور نہایت بیش بہا مجموعہ اس کتاب کے مطالعہ اور اس پر خوش اعتقادی و احترام کے ساتھ عمل کرنے سے یقیناً انشاء اللہ تعالیٰ خاطرخواہ فائدہ حاصل کریں گے ۔ البتہ خلوص نیت اور پاک ارادہ شرط ہے اور خدمتِ خلق کا جذبہ لازمی ہے ۔ اسلامی دین میں قرآن پاک کا ہر حرف اعراب اور ہر نقطہ اسم اعظم کی تاثیر رکھتا ہے اور احادیث سے جو دُعائے ماثورہ ثابت ہے خواہ ان کو مِن وعَن لکھا جائے یا اُن کے اعداد" ابجد" کے قاعدے سے نکال کر ایک مخصوص علمی ڈھنگ سے خانہ پُری کی جائے ۔ کچھ تعویذات میں وقت کی قید ستاروں کے معمولات ، رفتار اور ان کے اوقات کی پابندی کی جاتی ہے غرض کہ اس اہم اور کار آمد فن کے بھی قاعدے اور ضابطے ہیں مگر اُن کے لئے جو عامل ہیں اور فن کو فن کے طور پر استعمال کرتے ہیں ظاہر ہے کہ اس طرح اُس کی افادیت بدرجہا بڑھ جاتی ہے ۔ تاہم اس حال میں بھی اُس کی افادیت اپنی جگہ پر مسلّم ہے کہ کوئی پاک وصاف اور پاک نیت شخص نیک مقاصد کے لئے اِن سے کام لے ۔ گندی خواہشات ، خلاف شریعت ، حرام فعل اور کسی کو جانی ومالی مضرت پہنچانے کے لئے ہرگز اس پاک اور مطہر کام کو عمل میں نہ لائے ۔ حق تعالیٰ نے شفائے کامل بنا کر اُتارا ہے جس کا اعتقاد راسخ ہو گا وہ خود

بھی اس سے فائدہ اُٹھائے گا اور اس کے ذریعے سے دوسروں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔

ایک ناقص طریقہ بھی ہے جو علم سفلی کہلاتا ہے۔ جسطرح کچھ مقدس تعویذات کے تابع موکل اور ہمزاد ہوتے ہیں اُسی طرح علوم سفلی کے بعض عملیات کے تابع ذُریات شیاطین ہوتے ہیں علم سفلی کے عامل جتنے گندے اور گندی ذہنیت کے ہوں گے اُسی قدر اُن کا عمل مضرت رساں ہوگا۔ ٹونا، ٹوٹکا، نظر بد اور جادو وغیرہ سب اسی کی شاخیں ہیں جو اسلام کے منافی ہیں۔ تعویذات اور دعائے ماثورہ بزرگان کے فیوض و برکات میں جو داخل حسنات ہیں۔

اکثر نوجوان بہک جاتے ہیں اور غلط فہمی میں مبتلا ہوکر عملیات کو حصول مراد اور ناجائز افعال و ضروریات کا ذریعہ بنانا چاہتے ہیں اور خود نقصان اُٹھاتے یا خلل دماغی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

یہ پاکیزہ اور نفع بخش فن صاحب دل، محبِ خلائق اور پاک باطن لوگوں ہی کا کام ہے چنانچہ اس سلسلے کی یہ کتاب عملیات تسخیر القلوب ایک نہایت معتبر مستند مجرب، آزمودہ اور قابلِ قدر مجموعۂ عملیات اور تعویذات ہے۔ تسخیر قلوب، میاں بیوی کے خوشگوار تعلقات حصولِ مقاصد و مراد، جائز مطلب برآری، حاکم حکام کو مہربان بنانے اور ہر قسم کی دشواریوں اور مصیبتوں کا قلع قمع کرنے میں اکسیر ہے اس لئے نفع خلائق کے واسطے چھاپی جارہی ہے بغور مطالعہ فرمایئے اور گوہر مقصود سے دامن بھر لیجئے تاکید اً عرض ہے کہ خلاف شرع اور ناجائز کاموں اور خواہشات سے قطعاً احتراز کیجئے ورنہ شدید نقصان کا اندیشہ غالب ہے

مؤلف و مرتب سید احمد حسین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اوّل

قبل اس کے کہ عملیات و تعویذات وغیرہ کے تحریر کرنے کا سلسلہ شروع کیا جائے یہ ضروری خیال کیا گیا کہ چند وہ موٹے موٹے اصول جن کو عاملین نے عمل شروع کرنے یا تعویذ کرنے یا تعویذ تحریر کرنے کی کنجی قرار دیا ہے سب سے پہلے تحریر کر دیئے جائیں تاکہ عامل کی یادداشت تازہ ہوتی رہے اور نئے سیکھنے والے کسی قسم کے نقصان میں مبتلا نہ ہوں۔

جاننے کی ضرورت ہے کہ عمل کی دو قسمیں ہیں۔

جلالی، جمالی۔

عمل جلالی: نہایت سریع التاثیر عمل ہے اگر باضابط اور احتیاط کے ساتھ کیا جائے تو بہت جلد عامل کامیاب ہوتا ہے لیکن ذراسی لغزش عامل کو جسمانی خرابی اور لبا اوقات نقصان اور تباہی نسل تک میں مبتلا کر دیتی ہے اسلئے کہ عمل باموکل ہوتا ہے اور عمل جلالی کے موکلان تُند خُو، غصہ ور، شعلہ مزاج ہوتے ہیں۔ عامل سے ہر وقت نبرد آزما ہونے کیلئے تیار رہتے ہیں۔ اُن کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی فقیر کسی انتہائی غصہ ور مالک مکان کے دروازے پر جاکر اُس کے سامنے دست

سوال دراز کرے اور وہ مالکِ مکان اُس کو بھیک بھی نہ دے اور اُس فقیر کے برتن کو بھی توڑ ڈالے۔

عمل جمالی: یہ عمل بھی خیر و برکت والا ہے لیکن مقصد برآری مثل جلالی کے فوری نہیں ہوتی۔ کیونکہ اس کے مؤکلان نہایت رحم دل، نیک سیرت اور ٹھنڈے مزاج کے ہوتے ہیں۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی فقیر کسی رحم دل آدمی کے سامنے دستِ سوال دراز کرے اور اگر وہ اپنی ناگواری طبع کے باعث بھیک نہ دے تو اُس کے کاسۂ گدائی کو بھی نہ پھوڑے گا۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ اگر عمل جمالی کے وِرد کے دوران کہیں لغزش ہو گئی تو اُس کی مُراد تو پوری نہ ہو گی مگر اُسے اور کوئی نقصان نہ ہوگا۔

عمل شروع کرنے سے پہلے یا تحریرِ تعویذ سے پہلے۔

(۱) خود کا پاک ہونا بہت ضروری ہے۔ اور اگر عامل باوضو ہو تو یہ اور بھی بہتر ہوگا۔

(۲) مقام یعنی جگہ کا بھی پاک و پاکیزہ ہونا ضروری ہے۔

(۳) جائز امورات میں مدد لینا چاہئے۔

(۴) قبل پڑھنے عمل یا تحریرِ تعویذات بخورات کا سُلگانا بھی ضروری ہے۔

(۵) ستاروں کی گردش کا خیال بہت زیادہ نافع ہوگا۔

(۶) عروج ماہ سے ابتدا بہتر ہوگی۔

(۷) صدقہ بدن محافظ ہوگا۔ وغیرہ وغیرہ

حصُولِ عزّت و رِزق: جو کوئی بسم اللہ کو باطہارت بخورات (اگربتی اور

لوبان وغیرہ) سُلگا کر پاک و پاکیزہ مقام پر باوضو اور قبلہ رُو بیٹھ کر صدقِ نیّت سے آبِ طاہر سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو جس کے پاس جائیگا وہ اُس کی عزت کرے گا۔ رزق غیب سے ملے گا مجرّب ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۱۵۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰عصر	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

برائے جمیع حاجات | جب کسی شخص کو کوئی ایسی حاجت سخت در پیش ہو جس کا حل عقل انسانی سے باہر ہو تو جس کو چاہئے کہ وہ نوچندی جمعہ کے دن بعد غسل جب طلوع آفتاب ہو دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ پھر اس نقش کو لکھ کر پڑھے اور بازو پر باندھے انشاءاللہ حاجتِ جائز پوری ہوگی۔ نقش یہ ہے......

۷۸۶

الرحیم	الرحمن	الله	بسم
بسم	الله	الرحمن	الرحیم
الرحمن	الرحیم	بسم	الله
الله	بسم	الرحیم	الرحمن

وُسعتِ رزق | جو کوئی بعد نمازِ فجر سو بار اور بعد فراغتِ نمازِ مغرب سو بار یہ کلماتِ طیّبات پڑھے۔ رزق میں غیب سے وسعت ہوگی۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

تسخیرِ حاکم ظالم | حضرت رسول مقبولؐ کے ایک صحابیؓ سے روایت

ہے کہ اگر حاکم وقت اپنے زعم باطل میں چُور ہو کر ازراہِ غرور ظالم ہو جائے اور تم کو اپنے ظلم کا نشانہ بنا کر نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہو تو اُس کے ظلم سے نجات حاصل کرنے اور اُس کو اپنا ہمدرد و طرف دار بنانے کے لئے حسب ذیل نقش تیار کر کے حاکم کی باہری نشست گاہ کے دروازے پر کسی مناسب جگہ پر باندھ دو۔ انشاء اللہ وہی ظالم حاکم جو تمہارا پہلے بدترین دشمن تھا اب بہترین دوست ہو جائے گا۔

لیکن جب تمہاری مُراد پوری ہو جائے تو ایک ہفتہ تک حسب استطاعت مسکینوں کو صبح و شام کھانا کھلاؤ۔

نقش تیار کرنے سے پہلے نمازِ فجر ادا کرو۔ پھر دوبارہ وضو کر کے دوسرا لباس تبدیل کرو اور پھر اپنے کو خوشبو سے معطّر کرو۔ پھر اُس کے بعد آب طاہر سے ہر ایک چینی کے برتن میں سیاہی تیار کر کے سادے کاغذ پر حسب ذیل نقش کو رو بقبلہ ہو کر خلاّق عالم سے اپنے حق میں صدق دل سے بہتری کی دعا مانگتے ہوئے لکھو۔

۷۸۶

ک	ص	د	و	ع	ا
ا	ک	و	ر	ی	م
عه	ل	ا	ر	ل	ھا
ر	کا	و	ر	و	ن
ک	عه	۱۲ع	۱۰۹	۱۱۱	۸

ایضاً نقش مندرجہ ذیل بھی بادشاہوں اور حاکموں کی تسخیر کے لئے مجرب ہے۔ اس نقش کی خانہ پُری کا طریقہ یہ ہے کہ بروز یکشنبہ (اتوار) قبل نماز فجر غسل کرے پھر بعد فراغت نماز فجر دو رکعت نماز حاجت بہ خلوص نیّت

بجا لائے۔ اور پھر نقش مذکور کو پُر کرے۔ ......

۷۸۶

۱۴	۱۳	۱۸		۱۲	۱۷	۱۶
۱۹	۱۵	۱۱		۱۹	۱۵	۱۱
۱۲	۱۷	۱۶		۱۴	۱۳	۱۸

برائے ترقی اس نقش کو شمس کا نقش کہتے ہیں۔ اگر صاحب حاجت کا وقت پیدائش یا اُس کے مشہور نام کی راس پر اگر سورج ناقص پڑا ہو تو اُس کے لئے لازم ہے کہ سُرخ رنگ کا عقیق حاصل کرے اور اس نگ کو انگوٹھی میں جڑوا کر پہنے اور نقش مندرجہ ذیل لکھ کر رکھے کہ مفید ہے۔ کاروباری حالت دُرست ہو جائیگی بعدہٗ ان میں آہستہ آہستہ ترقی ہوگی بڑا عہدہ ملیگا اور دولت کی فراوانی ہوگی۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش یہ ہے ....

برائے جمیع مہمات واضح ہو کہ یہ نقش اعظم جمیع مہمات میں حسب مقصد تیر بہدف کام کرتا ہے بشرطیکہ قواعد کو ملحوظ رکھتے ہوئے با اصول طریقہ پر تحریر کیا جائے اور آیت مندرجہ نقش کو ہر روز مع سورۂ اخلاص ستّر بار پڑھے

اور نقش کو ہنگام وِرد اپنے رُو برُو رکھے۔
نقش یہ ہے .....

۷۸۶

حسبنا	الله	ونعم	الوکیل
۱۴۰	۹۶	۱۲۲	۶۵
۹۵	۱۴۴	۶۸	۱۲۳
۶۷	۱۲۴	۹۴	۱۴۵

برائے جملہ مطالب یہ نقش بھی جمیع حاجات کے برلانے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے ضرورت مند پر واجب ہے کہ نقش پُر کرنے سے پہلے بخورات داگربتی، لوبان وغیرہ، روشن کرے اور خود خوشبو لگائے اور اس آیتہ کریمہ کو جو نقش میں لکھی ہے ہر روز ہزار بار پڑھے مطلب بہت جلد بر آوے گا۔ مجرب ہے۔ ہنگام تحریر نقش مذکور رجوع قلب ضروری ہے اگر بروز جمعرات بوقت ۶ تا ۷ بجے صبح یہ نقش لکھا جائیگا تاثیر جلد برآمد ہوگی۔ بہت مجرب اور عاملین کا آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

ربنا اتنا	من لدنک رحمۃ	وهیّئ لنا	من امرنا رشدا
۱۹۴	۱۹۶	۷۰۶	۷۴۱
۲۹۵	۱۹۱	۸۴۴	۷۸۷
۸۴۳	۷۰۸	۱۹۷	۱۹۴

ایضاً یہ نقش بھی جملہ جائز مطالب کے برلانے میں اپنے بہترین خواص کا مالک ہے۔ صاحبِ نقش جب تک کہ نقش مذکور اُس کے پاس رہے گا کسی کا دستِ نگر نہ رہے گا۔ دشمن مہربان رہیں گے۔ دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور جس کام کا ارادہ کریگا انشاء اللہ تعالیٰ مُراد پوری

ہوگی لہذا نقش کی خانہ پُری کرنے سے پہلے غسل اور دو رکعت نماز سُنتی کا پڑھنا بہتر ہے بعدہٗ خوشبو سے خود کو معطر کرکے بخورات روشن کرکے نقش بھرے۔

۷۸۶

۳۱	۳۵	۴۲	۳۸
۴۳	۳۷	۳۲	۴۴
۳۶	۴۰	۴۷	۳۳
۴۶	۳۴	۳۵	۴۱

برائے حُکّام رسی اس نقش کو مشتری کا نقش کہتے ہیں۔ صاحبانِ ذوق سے پوشیدہ نہ ہے کہ سات ستاروں یعنی زحل، قمر، مریخ عطارد، شمس، زہرہ اور مشتری میں ستارۂ مشتری سعدِ اکبر ہے۔ لہٰذا جو کار جائز اُس کی تحویل میں کیا جائیگا اُس کا انجام انشاء اللہ بخیر ہوگا۔ البتہ جس آدمی کا وقت پیدائش یا اُس کے مشہور نام کی راس پر یہ ستارہ مشتری ناقص آ رہا ہو اسکو چاہیئے کہ نگینہ پکھراج بزنگ زرد حاصل کرکے انگشتری نقرہ میں جڑا کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں ڈالے اور نقش ذیل کو پاک و پاکیزہ حالت میں بروز جمعرات ساعت مشتری میں پاک سیاہی سے لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے حاکم مہربان ہوگا۔

۷۸۶

۱۲	۵	۱۰
۷	۹	۱۱
۸	۱۳	۶

برائے حصول عزّ وجاہ اوپر بیان کیا جاچکا ہے کہ سبعہ سیارگان میں ستارۂ مشتری سب ستاروں سے

نیک ستارہ ہے۔ لہٰذا اگر آپ بروزِ جمعرات ساعت مشتری میں اِس طلسم کو کر اِس کا نام طلسمِ مشتری بھی ہے زعفران سے جس میں قدرے شکر کا ملانا ضروری ہے لکھ کر اپنے داہنے بازو پر باندھ لیں گے تو مشتری کی نحوست جو ہمہ وقت آپ کے کام میں حارج ہو رہی ہے دُور ہو جائے گی۔ ساتھ ہی ساتھ آپ کی دولت وشہرت میں ترقی ہوگی اور افسرانِ بالا آپ کو دوست رکھنے لگیں گے۔ وقار بڑھ جائیگا۔ دشمن پامال ہونے لگیں گے۔ دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگے گا۔ بگڑے ہوئے کام خودبخود بننا شروع ہو جائیں گے۔

عطعم عصم
علمسطسم
محححاحا محم

برائے امن از درندگان

مخفی نہ رہے کہ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے۔ جس مطلب کیواسطے لکھ کر حاجت مند اپنے بازو پر باندھیگا آرزو انشاءاللہ پوری ہوگی لیکن ہر جائز کے لئے ناجائز کے لئے نہیں ورنہ یہ یاد رہے کہ ناجائز امر میں نقش ہٰذا سے مدد لینے والا مُواخذۂ عقبیٰ میں گرفتار ہوگا۔ یوں تو خواصِ اس نقش ہٰذا کے کثیر ہیں ادنیٰ خاصیت یہ ہے کہ اگر مال میں اِس نقشِ مبارک

۳ ۵۱۶	۳ ۵۱۹	۳ ۵۲۲	۳ ۵۰۹
۳ ۵۲۱	۳ ۵۱۰	۳ ۵۱۵	۳ ۵۲۰
۳ ۵۱۱	۳ ۵۲۴	۳ ۵۱۷	۳ ۵۱۴
۳ ۵۱۸	۳ ۵۱۳	۳ ۵۱۲	۳ ۵۲۳

کو رکھ دیا جائے گا تو وہ چوری سے محفوظ رہیگا اور درندگانِ صحرائی صاحبِ نقش کو گزند نہ پہنچا سکیں گے۔

طلسمِ آفتاب

یہ وہ سریع التاثیر طلسم ہے کہ اگر سونے کی تختی پر شرفِ آفتاب میں طلسم ہٰذا اصولی طریقہ پر کھدوا کر کسی قیدی کے پاس محبس (قید خانہ) میں پہنچا دیا جائے تو اُس کی فوراً خلاصی ہو جائے گی۔ دوئم صاحب طلسم پر کوئی دشمن فتحیاب نہیں ہو سکتا اور چاندی کی تختی پر کھدوانے سے بھی نئے نئے عجائبات ظہور میں آتے ہیں ضرورت مند کو چاہیئے کہ بروز ہفتہ (سنیچر) اس طلسم کو بہ صمیم قلب پہلی ساعت میں تیار کرے۔ برنج پختہ اور روغن زرد پندرہ دن تک صدقہ دینا چاہیئے۔

ھ ھ
س کھمھمسط
مع ع
ط م

برائے صحت بیماران

یہ نقشِ مبارک سورۃ مزمل کا ہے۔ خواص اس کے بہت ہیں۔ اگر اس کے اوصاف بالتشریح لکھے جائیں تو ایک علیحدہ رسالے کی ضرورت ہوگی۔ لہٰذا اس جگہ اختصار سے کام لیا گیا۔ اس نقش کے پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ لکھنے والا پہلے دن کے اوّل حصّے میں غسل کرے بعدہٗ وضو کرکے دو رکعت نمازِ حاجت بجالاوے اور تمام جگہ کو بخورات کے ذریعے سے خوشبودار کرے اس کے بعد رو بہ قبلہ ہو کر بیٹھے اور ایک سو بچھتر مرتبہ درود شریف پڑھ

کر نقش مذکور کو تحریر کرنا شروع کرے۔ جب خانے پُر ہو جائیں تب کسی مٹی کے برتن میں آگ پر تھوڑا تھوڑا لوبان ڈالتے ہوئے درود شریف پڑھتا جائے اور نقش کو دھونی دیتا جائے۔ جب درود شریف کی تعداد ایک سو پچیس تک پوری ہو جائے تو نقش کو لپیٹ کر موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں سل کر مریض کے گلے میں ڈالے

نقش یہ ہے ۷۸۶

۱۴۱۹	۱۴۳۲	۱۴۲۹	۱۴۲۶
۱۴۳۰	۱۴۲۵	۱۴۲۰	۱۴۳۱
۱۴۲۴	۱۴۲۷	۱۴۳۴	۱۴۲۱
۱۴۳۳	۱۴۲۲	۱۴۲۳	۱۴۲۸

برائے جمیع امراض

نقش مندرجہ ہٰذا بھی بہت سریع التاثیر ہے کسی قسم کا مرض ہو (علاوہ مرض الموت) باقاعدہ لکھ کر اگر مریض کے گلے میں ڈالا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ مریض کو نقش پہنانے کے بعد سات روز تک حسب استطاعت صدقہ دینا لازم ہے۔

۷۸۶

۱			۲
	۵	۸	
	۶	۷	
۴			۳

برائے حاجات صعب

پوشیدہ نہ رہے کہ یہ وہ جلیل القدر نقش ہے جو ہر زبان زدِ خواص وعوام ہے۔ اور عاملین نے بھی بڑی بڑی خصوصیات اِس نقش کی تحریر کی ہیں۔ بعضوں کا کہنا ہے کہ اس میں اسمِ اعظم پوشیدہ ہے۔ بہر حال یہ بارہا تجربہ میں آچکا ہے کہ جب کبھی کسی مشکل امر میں کسی نے اِس نقش اور

دعا کو اصولی طریقے پر اپنا رہبر بنایا ہے۔ خلاقِ عالم نے اُسے بامُراد کیا ہے۔ لہٰذا کسی وقتِ سعد میں اپنی جائز مطلب برآری کے لئے پہلے چند آدمی ایک مجلس میں باوضو بیٹھ کر اس آیۂ کریمہ مندرجہ نقش کو چالیس ہزار بار پڑھیں اور نقش مذکور اپنے رُوبرو رکھیں۔ عمل عروج ماہ میں اتوار کے دن عصر کے وقت جب کہ قمر برج عقرب ثابت میں ہو رجوعِ قلب سے شروع کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مُراد دلی حاصل ہوگی۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۹۹ لا الٰہ الا انت	۸۹۲ سبحانک	۵۳۱ انی کنت	۹۵۲ من الظّلمین
۵۳۳	۱۱۵۱	۱۰۰	۵۹۱
۱۱۵۰	۵۲۹	۵۹۴	۱۰۱
۵۹۳	۱۰۲	۱۱۴۹	۵۳۰

برائے نجات ٹڈی

شائقین پر واضح ہو کہ نقش مندرجہ ذیل یوں تو قریب قریب تمام آفاتِ سماوی کا دافع ہے مگر اُس کا اثر خصوصیت کے ساتھ ٹڈی دَل پر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ چنانچہ جب کبھی ٹڈیوں کے غول سرسبز و شاداب کھیتوں کو نقصان پہنچانے کے لئے نمودار ہوں تو عامل کو چاہئے

کر نقش مندرجہ ذیل کو ایک کورے کاغذ پر رُو بقبلہ بیٹھ کر سیاہی سے لکھے اور ٹڈیوں کے زمین پر بیٹھ جاتے کا انتظار کریں۔ جب تمام ٹڈیاں بیٹھ جائیں تو تعویذ کو بہتے ہوئے پانی میں کھیتوں کے اندر بہادے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ٹڈی دل تباہ و برباد ہو جاتے گا۔ اور جب تک ان مقامات پر تری باقی رہیگی۔ ٹڈی دَل وہاں پر بیٹھنے کی جرأت نہ کریگا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

برائے خیر و برکت

ماہرین عملیات نے اپنے تجربات کی بنا پر تحریر کیا ہے کہ نقش مندرجہ ذیل اسباب خیر و برکت کے مہیا کرنے میں تیر بہدف اثرات کا مالک ہے اگر صاحب عمل قواعد و ضوابط کو ملحوظ رکھتے ہوئے نقش ہذا کو تحریر کریگا تو بے شمار فائدے ظاہر ہوں گے۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

نقش مذکور کا ایک تعویذ تیار کرنے کے بعد مکان میں جانب قبلہ چسپاں کر دیا جائے اور پھر دوسرا تعویذ مشک و زعفران سے لکھ کر ایک ظرف طاہر میں پانی سے مَل مَل کر تعویذ کو دھو ڈالے کہ ہند سے کاغذ پر باقی نہ رہیں اور پھر اس پانی کو علاوہ بیت الخلاء اور غسل خانے کے مکان کی تمام اندرونی دیواروں پر چھڑکے۔

نیز جمعرات کو اگر کی بتی سے گھر کو خوشبودار بناتے اور ہر جمعرات کو بلا ناغہ یہ عمل کرتا رہے۔ پھر قدرت خدا کا مشاہدہ کرے کہ دن بدن رحمتِ الٰہی کے نزول میں ترقی ہوتی رہے گی۔ ناجائز کاموں سے توبہ کرنا لازمی ہے۔

باب دوم

بابت بیان حُب یعنی اُلفت

ہدایت طالبانِ شوق وشائقین عملیات پر یہ بات اچھی طرح روشن ہونا ضروری ہے کہ بروقت تحریر تعویذات یا عمل خوانی کے جائز اور ناجائز کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ اِس لئے کہ ناجائز معاملات میں عمل یا تعویذات سے کام لینا خلاقِ عالم کی بہت بڑی ناراضگی کا باعث ہوتا ہے اور پھر خداوند قدوس کی ناخوشی عامل کو بغیر جہنم کا حقدار بنائے نہیں چھوڑتی۔ اس لئے مخلصانہ طور سے مشورہ ہے کہ آپ کو خواہ کسی قدر تکلیف کیوں نہ پہنچے ناجائز امور میں کبھی بھی عمل یا تعویذ سے کام نہ لیجیے۔

٧٨٦

٧	٢	٣٥٠	٣٤٣
٣٤٦	٣٤٧	٣	٦
١	٨	٣٤٤	٣٤٩
٣٤٨	٣٤٥	٥	٤

زبان بندی کسی شخص زبان دراز سے اگر لوگ عاجز آگئے ہوں۔ کوئی عورت اپنے خاوند کی زبان درازی سے تنگ آگئی ہو تو ایسے لوگوں کو چاہیے کہ وہ نقش مندرجہ بالا کو پیر

کے دن بوقت صبح لکھ کر اُس کو صحرا میں دفن کریں۔ مجرب ہے۔

دافع رنجش نقش مندرجہ ہذا کو ناخوشی اور بیزاری کے رفع کرنے کے لئے کام میں لایا جاتا ہے اس نقش کے تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سورۃ اخلاص پانچوایک مرتبہ پڑھے درود گیارہ مرتبہ پڑھے اور نقش کو پُر کرے اُس کے بعد صبح وشام باوضو لوٹو فلیتے عود میں جلائے انشاءاللہ رنجش دور ہوگی۔

٦	٣	١	١
٣ / ٢	٢ / ٨	٥ / ٧	٥ / ٧
٣ / ٨	٣ / ٨	٥	٨
٨٨	٩٣		

ایضاً برائے دافع رنجش وکدورت باہمی یہ نقش بھی بہترین نقشوں میں سے ایک نقش ہے۔ اس کے لکھنے کا طریقہ بھی وہی ہے جو اوپر والے نقش میں بیان کیا جا چکا ہے اسلئے مزید تفصیل کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔

٧٨٦

١٧	١٣	١	٨	١٨
٢٣	٨	٧	١٤	١٦
٤	٦	١٣	٢	٢٢
١٠	١٢	١٩	٢١	٣
١١	١٨	٢٨	٢	٩

البتہ نقش بھرتے میں مہارت ضروری ہے۔

ایضاً اس نقش کی بھی یہی خاصیت ہے۔ جو اُوپر والے دو نقوش کی ہیں نہایت سریع التاثیر ہے لیکن ذرا سی لغزش نقصان کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ مزید احتیاط اگر حفظ ماتقدم کے پیش نظر کی جائے تو بہت بہتر ہوگا۔ طریقہ تحریر و طریقہ عمل ہر سہ کا یکساں ہے کوئی فرق نہیں ہے رجوعِ قلب کی ضرورت ہے۔

۷۸۶

۴۲	۳۸	۳۸	۸۱	۴۴
۴۳	۴۱	۴۴	۴۲	۸۰
۴۹	۴۷	۴۰	۴۳	۳۱
۳۰	۴۸	۴۶	۳۹	۴۷
۳۶	۱۲۹	۸۲	۴۸	۳۸

برائے دوستی اگر باہم دو شخصوں کے عداوت یا جدائی بام عروج پر پہنچ کر پھر ملنے اور محبت کرنے کی کوئی صورت باقی نہ رہ گئی ہو اور چاہے کہ پھر دونوں میں دوستی ہو جائے تو شب دوشنبہ کو دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ والضحیٰ دس بار پڑھے اور بعد فراغت نماز کے پچیس بار اس دعا کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَحِبَّنِیْ اِلٰی قَلْبِ فُلَانِ بِنْ فُلَانٍ (اس جگہ اس کا نام اور اس کے باپ کا نام لیوے۔ مجرّب ہے۔)

مطلوب بے وفا پر قبضہ اگر بے وفا مطلوب کو جو کسی طرح قابو میں نہ آتا ہو۔ اپنا بنانا مقصود ہو تو حسب ذیل نقش کو سفید کاغذ پر لکھے اور مطلوب کے نام کے حرف اور اس کے ہندسے ذیل

کے نقش کے مطابق لکھ لے پھر مطلوب کے سونے کے مقام پر اس نقش کو زمین میں دفن کر دے اور اس پر ایک وزنی پتھر رکھ دے۔ مطلوب پریشان ہو کر خود بخود حاضر ہوگا۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰

ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

برائے گرویدگی اگر کسی شخص کا محبوب اُس کو کسی وجہ سے پسند نہیں کرتا اور شدید ترین نفرت کرتا ہے تو اس کے لئے بھی یہی نقش مفید ہے۔ اسی ترتیب سے کہ جس طرح ہندسے لکھے گئے ہیں۔ لکھے اور اسی طرح عمل کرے۔ محبوب کی ساری نفرت دُور ہو جائے گی۔ یہ نقش بہت سی صورتوں میں کام دیتا ہے۔ البتہ مقاصد عامل کو ذہن میں محفوظ رکھ کر نقش بھرنا چاہیے۔

برائے ملاپ نقش متذکرہ بالا کو اسی ترتیب کے ساتھ پوست آہو پر لکھ کر عود و عنبر کی دھونی دینے کے بعد ابتدائی چاندنی میں اگر طالب زیب کمر کریگا، محبوب دوبارہ مل جائے گا۔

تحفظ مکاری محبوب بتائے ہوئے طریقے پر اگر مذکورہ بالا نقش پیر کے دن ساعت قمر میں لکھا جائے اور لوبان کی دھونی دیکر سیدھے بازو پر باندھ لیا جائے تو محبوب کی مکاری کارگر نہ ہوگی۔ اور اگر یہی نقش اسی طریقے سے لکھ کر جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں بعد

تیار ہی گلے میں ڈالا جائے گا تو جفا کار محبوب محبت کا دم بھرنے لگے گا۔

زیادتی محبت اور پھر یہی نقش پوشیدہ طریقے پر اسی ترکیب سے جمعرات کے دن ساعت مشتری میں ایک گوشہ تنہائی میں بیٹھ کر تیار کیا جائے اور اُس کو تعویذ کی شکل میں موم جامہ کرکے سبز رنگ کے کپڑے میں سِل کر محبوب کے گلے میں ڈال دیا جائے تو اُس کی محبت کی زیادتی ہو جائے گی اور جب تک یہ تعویذ اُس کے گلے میں پڑا رہے گا وہ دیوانہ وار طالب سے محبت کرتا رہے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ اِس عمل کا علم کسی کو نہ ہو۔

برائے فرمان برداری ذیل کا نقش اگر بروز جمعہ بہ ساعت زہرہ عود و عنبر کی خوشبو سلگا کر ایک سو اکتیس مرتبہ دُرود شریف پڑھنے کے بعد ایک سادہ کاغذ پہ خانہ کھینچ کر اصولی طریقہ پر اس کو پُر کرے اور پھر اس تعویذ کو چاندی کی ڈبیہ میں محفوظ کرکے طالب اپنے داہنے ہاتھ میں ڈال لے تو محبوب فرمان بردار رہے گا۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

بیقرارئ محبوب اگر محبوب تُند خو، شعلہ مزاج ہو اور قابو میں نہ آتا ہو وہ تڑپانا تو جانتا ہو لیکن خود تڑپنے کے لئے تیار نہ ہو۔ جو دوسروں کو بیقرار کرنے میں لطف لیتا ہو تو اس کے لئے حسب مندرجہ نقش کا ایک تعویذ جنگلی کبوتر کے تازہ خون سے لکھ کر اپنے گلے میں

ڈالے جب تک تعویذ گلے میں رہے گا۔ محبوب کی بیقراری بڑھتی رہے گی۔

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

برائے استحکام محبت محبوب اگر ہمراہی اختیار کرنے کے لئے راضی نہ ہوتا ہو اور خواہش مند کی تمام کوششیں بیکار ہو گئی ہوں تو اس کو چاہئے کہ نقش مندرجہ ہٰذا کو بعد فراغت نماز فجر علیحدہ علیحدہ دو کاغذوں پر تحریر کرو۔ ایک پاک سیاہی سے دوسرا زعفران سے بعدہ سیاہی والا نقش اپنے پاس محفوظ رکھ لو اور نقش زعفرانی کو پانی میں گھول کر اپنے ہاتھوں سے محبوب کو پلا دو۔ محبت مستحکم ہو جائے گی۔

۱۶	۱۱	۱	۶
۲	۸	۱۸	۱۲
۲	۴	۱۰	۱۳
۹	۱۴	۸	۳

برائے محبت شدید اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا محبوب مثل غلامانِ کمترین کے آپ کے پاس ہر وقت حاضر رہے اور آپ سے شدید

محبّت کرنے لگے تو آپ کو چاہیئے کہ اتوار کے دن قبل جلال آفتاب نقش مندرجہ بالا کو لکھ کر آگ میں جلائیے۔ جلاتے وقت کی مکمّل تصویر کو پردۂ ذہن پر اُبھار کر سامنے رکھیے۔

فراوانی عشق اگر طالب عشق کی آگ بھڑکانی چاہتا ہے تو نقش مندرجہ ہٰذا کا ایک تعویذ بروز شب جمعہ ساعت مشتری میں ایک گوشۂ تنہائی میں کہ وہاں اُس کے خیالات کا منتشر کرنے والا کوئی دوسرا نہ ہو۔ عود و عنبر کی خوشبو سُلگا کر تحریر کرے اور پھر اُس کو گلے میں باندھ لے۔ عشق کی آگ بھڑکتی رہے گی اور دل خیال محبوب سے مسرور رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۱۱ م ۱۱۱م ۸   ۱۹۹۱ح ۱۹ ع ۱۸۸ ح

فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

بندۂ بے دام اگر آپ کو یہ منظور ہو کہ آپ کا محبوب صرف آپ ہی کی خیالی تصویر کو آپ کی عدم موجودگی میں اپنے دل کے اندر بسائے رکھے اور کسی دوسرے کا خیال نہ کرتے ہوئے آپ ہی کا بندۂ بے دام بنا رہے تو نقش مندرجہ ہٰذا کو دن میں اوّل وقت بساعت زہرہ بروز جمعہ تیار کر کے تعویذ کو سونے کے تعویذ دان میں بند کرنے کے بعد دائیں ہاتھ میں باندھ لیجیے اور روزانہ

دونوں وقت عود و عنبر کا دھواں دیتے رہیے مقصد پورا ہوگا۔

برائے فریفتگی حسب مندرجہ ذیل نقش صفحۂ ہٰذا کی تاثیر تو بہت زیادہ ہے البتہ خلوص، اعتقاد اور رجوعِ قلب کا ہونا ضروری ہے۔ مہینے کی شروع تاریخوں میں سے نقش ہٰذا کو کسی تاریخ میں لکھ کر کھانے کی چیز میں ملا کر محبوب کو کھلانے سے محبوب فریفتگی کی منزل میں پہنچ جائے گا۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

برائے اطاعت محبوب یہ جلیل القدر نقش بہت سے کاموں میں رہنمائی کرتا ہے حد یہ ہے کہ اگر انسان کے حالات سازگار نہ ہوں اور ایسا خراب وقت آگیا ہو کہ زمانے نے ساتھ چھوڑ دیا ہو اور اطاعت گذار محبوب سرکشی پر آمادہ ہوگیا ہو اور ایسے شخص کی پیدائش یا مشہور نام کی راس میں قمر برآمد ہو تو اس کو مروارید کی انگوٹھی پہننے کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ہی نقش مندرجہ بالا کو تیار کر کے بطور تعویذ دھونی دیکر ڈورے اور کپڑے سیاہ میں سِل کر گلے میں ڈالنا چاہیئے محبوب تو محبوب تمام خلائق مسخر ہوگی۔

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

برائے تکمیل محبت

عشق و محبت کی تکمیل میں یہ نقش بہت ہی کارآمد ہے۔ خصوصاً اُس شخص کے لئے بہت ہی نافع ہے جس کی پیدائش یا مشہور نام کی راس میں ستارہ زہرہ ناقص پڑتا ہو اُس کو چاہئے کہ یاقوت سفید کی انگوٹھی اور اس نقش کی رہنمائی حاصل کرے لیکن اتنا یاد رہے کہ بُری نیت یا نفسانی خواہش کی تکمیل کے لئے اسے کسی شادی شدہ یا باکرہ لڑکی پر نہیں آزمانا چاہئے ورنہ مبتلا نقصان عظیم ہوگا۔

۷۸۶

۱۱	۶	۱۳
۱۲	۱۰	۸
۷	۱۴	۹

بیقراری محبوب میں

یہ طلسم بہت ہی سریع التاثیر ہے مطلب برآری میں خطا نہیں کرتا۔ بہتر ہے محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر اس طلسم کو لکھ کر اُس کی بتی بنالیں اور ایک کورے چراغ گلی میں روغن زیتون بھر کر بتی مذکور اُس میں ڈال دیں جس کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف ہو۔ پھر اس چراغ کو روشن کردیں۔ محبوب اس قدر بے قرار ہوگا کہ خودبخود حاضر ہوگا۔ طلسم یہ ہے:

لق ۹۰ ۱۱۱۱ ۱۳ ۱۴ ۱۱ ۱۰۹ ام ح ودع ع

فلاں بن فلاں حب فلاں بن فلاں

حاضری محبوب میں

اگر محبوب روٹھ گیا ہو تو اور کسی صورت سے بھی ملنے کے لئے تیار نہ ہو تو طلسم مذکور گائے کی ہڈی پر لکھ کر آگ میں ڈال دیجئے۔ محبوب فوراً حاضر ہوگا اور مصالحت ہوجائیگی۔

ایضاً ۱۱۶ ۱۱۱۰ ۹ ط ۱۱۱ // // ۲۱۱۷ ھ ۹۸

یہ تعویذ بھی ایسے ہی کاموں کی انجام دہی میں تیر بہدف اثرات کا مالک ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ محبوب کے استعمالی کپڑے کے سات ٹکڑے حاصل کرے اور ان ساتوں ٹکڑوں پر یہی تعویذ لکھے اور بتیاں بنا ڈالے ایک کورے چراغ گلی کو روغن نارجیل سے پُر کرے اور ۱۲ بجے رات کو عالم تنہائی میں محبوب کے گھر کی طرف کرکے چراغ کو روشن کرے جب تک تیل ختم نہ ہو لَو کی طرف دیکھتا رہے اور تصور محبوب کی موجودگی کا دل میں رکھے یہ عمل ہفتہ کی رات سے شروع کرے۔

علع	حماہ	۵۵جہم۷۷
لعہ۷۷۷۷ ۷۷۷۷	ع۱۲و۵۵۵۵ ۵۵	دعودعلاد

۱۷

برائے دافع سرکشی

اگر محبوب کسی وجہ سے سرکش ہو کر طالب کو خاطر میں نہ لاتا ہو تو اس کی سرکشی دور کرنے کے لئے نقش ہذا کافی ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ اوائل ماہ میں بروز اتوار ایک چڑا (نر) پکڑ کر اس کو ذبح کرے اور اسی وقت اس کے خون سے

نقش مذکور کو لکھ کر ریشم کپڑے میں باندھ کر درخت سے لٹکا دے۔ انشاء اللہ سرکش محبوب فوراً حاضر ہو کر اظہار ندامت کرے گا۔

نقش یہ ہے

ع ۳	سا ۲۷	
۱۲	فلاں بن فلاں درجب فلاں بن فلاں بیقرار شدہ حاضر شود	۷
ک	۴ ۱۲	۱۲

عمل باچلہ

اگر محبوب ملتفت نہ ہو تو اُس کو راہ راست پر لانے کے لئے حسب ذیل عمل کافی ہے۔ طالب کو چاہئے کہ مہینے کی شروع تاریخوں کے پہلے جمعہ کو آدھی رات کے وقت غسل کر کے لباس تو زیب تن کرے اور اپنے کو بہترین خوشبو سے معطر کر کے بعد سُلگانے بخورات محبوب کا تصور کرتے ہوئے اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد تین مرتبہ یہ دُعا پڑھے انشاء اللہ چلہ پورا ہوتے ہوتے محبوب حاضر ہوگا۔

دعا یہ ہے۔

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِيْ (نام اپنا اور اپنی ماں کا لے۔ اور نام محبوب اور اس کی ماں کا لے۔ اگر محبوب کی ماں کا نام معلوم نہ ہو تو بنت حوا کہے) اعطف قلبہم و قلب ما علی ود اللہ او قلبہا الی ....

برائے تابع فرمان

اس تعویذ کو اس شخص کے لئے استعمال کرنا چاہئے جو سرکشی پر آمادہ ہو یا محبوب اپنے طالب کو ٹھکرا چکا ہو۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ جمعرات یا اتوار یا منگل کے کسی دن میں تعویذ ذیل کو صبح کے وقت لکھ کر بعد بنانے فتیلہ کسی خوشبودار تیل میں اسے جلائے اور چراغ گلی کو محبوب کے گھر کی طرف کر دے۔ محبوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا اور اسی وقت سے تابع فرمان ہو جائے گا۔

سلع	ہو	مسلع	مسجد
امو	مسلع	ملاع	سمع
فلس	سلع	سلع	اسلع

ہ ۱۱۱۷۹۱۶۹۱۱ ۹۱ ۱ ہ
ہ ۸۱۹۱۹۴ ۳ ۱۱ ۷۹۱۱۱۹ ہ
ہ ۵۸ ۱۱۹۱۹۱۰ ۱۱۱ ہ

ایضاً

سرکش اور بے وفا محبوب کے لئے حسب ذیل اسم مبارک بھی تیر بہدف اثر دکھاتا ہے۔ جب ضرورت ہو تو امر جائز کے لئے بہ رجوع قلب کسی شیریں چیز پر دم کر کے محبوب کو کھلا دے۔ محبوب حلقۂ اطاعت میں فوراً سر جھکا دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

برائے حاضری محبوب

زیادہ تفصیل میں جانے کی گنجائش نہیں کہ اگر رجوع قلب سے کیا جائے

تو اس کے اثرات بہت جلد نمایاں ہونے لگتے ہیں۔ طریقہ اس عمل کا یہ ہے کہ کسی روز بھی شمال کی جانب منھ کر کے بہ رجوع مقصد حاضری محبوب کو پیش نظر رکھتے ہوئے گیارہ مرتبہ درود شریف گیارہ روز تک بلا ناغہ بہ پابندی
• وقت عالم تنہائی میں پڑھے جب چلہ پورا ہو جائے تو حسب ذیل جملہ ایک پاک کاغذ پر لکھ کر کسی درخت کی شاخ میں باندھ دے انشاء اللہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یحبونھم یاجبرائیل جزاک کحب اللہ یامیکائیل مارک والذین آمنوا اسرافیل اترک امنوا شد حب للہ یاجبرئیل فلاں بن فلاں حاضر کر حاضر کر۔

ایضاً تل سیاہ، ۱ اش کا صدقہ دینے کے بعد حسب ذیل تعویذ محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے کو حاصل کر کے اُس پر لکھ کر اولاً فتیلہ بنانے کے بعد نئے چراغ گلی کو سفید دھلی ہوئی تلی کے تیل سے پُر کر کے اُس میں فتیلہ مذکور ڈال کر گلی چراغ کو روشن کرے۔ جلاتے وقت محبوب کا تصور زیر نظر رہے۔ محبوب حاضر ہوگا۔ یہ عمل ایک ہفتہ کی چلہ کشی کا ہے اگر ہفتہ کے اندر ہی محبوب حاضر ہو جائے تب بھی عامل کو چلہ پورا کرنا ہوگا ورنہ نقصان عظیم سے دوچار ہونا پڑے گا۔

ولھ

ولھ

حُبِ زُود اَثر پوشیدہ نہ رہے کہ اس عمل کا نشانہ اگر رجوع قلب سے جائز مقصد کے لئے کیا جائے تو خطا نہیں کرتا۔ لیکن اگر کہیں عامل نے ناجائز مقصد مدنظر رکھا تو تباہی یقینی ہے۔ لہٰذا اس صورت میں عمل کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ پہلے آپ ایک ایسا بادام تلاش کریں جس کے اندر دو مغز کی موجودگی یقینی ہو جب ایسا بادام مل جائے تو مہینے کے شروع میں بوقت صبح گیارہ مرتبہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کر کے اس بادام پر دم کیجئے اور پھر اُس دم شدہ بادام کو میٹھے انار کی شاخ کے ساتھ ایک سفید ریشمی کپڑے سے لپیٹ کر باندھ دیجئے اس شاخ کے پیچھے تین دن تک سورۂ یٰسین کی تلاوت کیجئے اور مطلوب کا تصور ہر وقت اپنے ذہن میں رکھئے۔ محبت میں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

محبت بزوجہ و خاوند اگر زن و شوہر میں نا اتفاقی رہتی ہو اور ان میں محبت پیدا کر کے ان کی اجیرن زندگی کو کامیاب بنانا مقصود ہے تو بعد نماز فجر کچھ پھولوں پر سورۂ مبارکہ لایلف قریش ایلافھم... الخ ۲۱ مرتبہ دم کر کے ان پھولوں کو دونوں کے پاس بھیج دو تاکہ وہ اس کی خوشبو سونگھیں۔ اور یہ عمل سات روز تک کرتے رہو۔ انشاء اللہ دونوں میں بے پناہ محبت ہو جائے گی۔

فرماں برداری محبوب برائے فرماں برداری محبوب لازم ہے کہ نقش مندرجہ ذیل روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر اگر محبوب عورت ہے تو سیاہ کتیا کو اکیس ۲۱ دن تک کھلائے محبوب اطاعت کا دم بھرنے

لگے گا اور اگر مُراد اکیس[۲۱] دن کے اندر ہی پوری ہو جائے تب بھی عامل کو چلّہ پورا کرنا ہوگا۔

دوسرا طریقہ اُس کا یہ ہے کہ اِس تعویذ کی زکوٰۃ ادا کرے اور زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ۱۲۵ تعویذ لکھ کر قبل جلالِ آفتاب کہ وقت اُس کا ۱۲ بجے دن ہے کسی کنویں یا دریا میں اکتالیس[۴۱] دن تک ڈالے اِس کے بعد روزانہ پانچ نقش لکھ کر رکھ لیا کرے اور دن میں کسی وقت نذر دریا یا چاہ کر دیا کرے۔

(نوٹ) مولف کے نزدیک کلامِ الٰہی و اسمائے باری تعالیٰ خواہ وہ حروف میں ہوں یا اعداد میں اُن کا جلانا یا جانورانِ ناپاک کو کھلانا بجائے خود ایک بڑا گناہ ہے۔ لہٰذا ایسا ہرگز نہ کرنا چاہیئے۔ البتہ دوسرا طریقہ صحیح ہے اور اِس سے اثر بھی جلد ہوتا ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

١	١١	١۴	۶
۴	٨	٩	٣
١٠	۰	۷	١٧
١٩	ع	٢	٨

نقش بھرنے کا طریقہ

ضرورت اِس امر کی محسوس کی گئی کہ مبتدی حضرات کے لئے ایک خاکہ ایسا مرتّب کر دیا جائے جس سے وہ نقش بہ آسانی بھر سکیں اور اس میں غلطی نہ ہو نیز حروف کے اعداد بحساب ابجد بھی تحریر کر دیئے گئے ہیں تاکہ نئے حضرات کے لئے آسانی ہو۔ جاننا چاہیئے کہ نقوش کی خانہ پُری کے لئے عامل کو شطرنجی چالوں سے واقف ہونا ضروری ہے چار خانے والے نقوش میں ضروری ہے کہ کسی ایک اوپر یا نیچے کے درمیانی خانے کو قلب خانہ قرار دے کر سب سے کم عدد والا ہندسہ اُس میں لکھے پھر اُس خانے سے گھوڑے کی چال پر ڈھائی گھر یعنی خانہ نمبر دو میں اس کے بعد والا ہندسہ لکھے پھر خانہ نمبر ۳ سے فیل کے خانہ نمبر ۳ میں نمبر ۲ کے ہندسہ سے سب سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر خانہ نمبر ۵ سے گھوڑے کی چال ڈھائی گھر چل کر خانہ نمبر ۶ میں اس سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر خانہ نمبر ۶ سے فیل کی چال چل کر نمبر ۷ میں اس سے زیادہ والا ہندسہ اور خانہ نمبر ۷ سے گھوڑے کی چال ڈھائی گھر چل کر خانہ نمبر ۸ میں اُس سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر خانہ نمبر ۸ سے فیل کی چال چل کر خانہ نمبر ۹ میں اُس سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر خانہ نمبر ۹ سے گھوڑے کی چال چل کر (ڈھائی گھر) خانہ نمبر ۱۰ میں اِس سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر خانہ نمبر ۱۰ سے فیل کی چال چل کر رُخ کے خانہ نمبر ۱۲ میں اُس سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر خانہ نمبر ۱۲ سے گھوڑے کی چال چل کر (ڈھائی گھر) خانہ نمبر ۱۴ میں اس سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر خانہ نمبر ۱۴ سے فیل کی چال پر خانہ نمبر ۱۵ میں اُس سے زیادہ والا ہندسہ اور پھر

خانہ نمبر ۱۵ سے گھوڑے کی چال ڈھائی گھر چل کر اُس سے زیادہ والا ہندسہ تحریر کر کے جملہ کا غذی خانوں کو مکمل طریقہ سے پُر کر دے۔ اِس نقش کو نقش مربع کہتے ہیں۔

نمونہ نقش مربع

۱۴ گھوڑا	اقلب خانہ	۸ گھوڑا	۱۱ فیل
۷ فیل	۱۲ گھوڑا	۱۳ رُخ	۲ گھوڑے کا گھر
۹ فیل	۶ گھوڑا	۳ فیل	۱۶ گھوڑا
۴ گھوڑا	۱۵ فیل	۱۰ گھوڑا	۵ رُخ

آگاہ ہو کہ مرامر نامی شخص کے ۸ بیٹے تھے جن کا نام ابجد، ہوز، حطی کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ تھا۔ چنانچہ انھیں کے ناموں سے لکھنے پڑھنے کا سلسلہ قائم ہو کر عاملین کا بھی رہنما بنا۔ لہٰذا اب ہم یہاں حرفوں کے اعداد بھی تحریر کئے دیتے ہیں جو نئے شائقین کے لئے رہنمائی کا کام دینگے

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ ۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰ ۱۰۰

ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

محبوب پر قبضہ عاملان روزگار و شائقین جستجوئے اخبار و آثار سے پوشیدہ نہ رہے کہ اسم "الحَلِیمُ" باضابطہ زکوٰۃ دینے کے بعد حُب میں اگر جائز مقصد کے لئے پڑھا جائے گا۔

تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کے اثرات ظاہر نہ ہوں۔ یہ عمل اس قدر سریع التاثیر ہے کہ محبوب کے دل پر اُلفت کا بہت جلد اثر پیدا کر کے طالب کا گرویدہ بنا دیتا ہے۔ چنانچہ محبوب فوراً قبضہ میں آجائے گا۔ طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں نوچندی جمعرات سے بعد نماز فجر اول و آخر گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھے اور پھر ۱۵۷۵ بار "الحَلِیمُ" کی تلاوت کرے اور چالیس دن تک یہ عمل متواتر کر کے سوا لاکھ کی تعداد پوری کرنے کے لئے نماز مغرب کے بعد بھی عاملین کو اتنی ہی بار پڑھنا پڑھے گا۔ یعنی ایک دن میں صبح و شام اس کو ۳۱۳۰ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک "الحَلِیمُ" کا ورد کرنا پڑے گا۔ زکوٰۃ پوری ہونے کے بعد حسب حیثیت نیاز کی شیرینی تقسیم کرے اور پھر محبوب کے لئے صبح بعد نماز فجر اور شام بعد نماز عشاء تین سو تیرہ مرتبہ اسم مبارکہ کی تلاوت کر کے قدرتِ خدا کا مشاہدہ کرے۔ عامل کا نمازی ہونا ضروری ہے۔ دورانِ زکوٰۃ خالی الذہن ہونا ضروری ہے۔

محبوب قدموں پر یہ نقش بہت ہی مجرب ہے۔ لیکن امر جائز کیلئے ہے ناجائز کے لئے نہیں ورنہ عامل دماغی توازن کھو بیٹھے گا اور پھر اس کو اپنے پرائے تک کی پہچان بھی باقی نہ رہے گی۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ عامل پہلے متواتر سات روزے سنتی رکھے۔ بعدہٗ محبوب کا طالع معلوم کرے اس کے بعد بحساب طالع محبوب وقت مقررہ پر جدول کے مطابق اِس نقش کی خانہ پُری بہ نیت صادق بہ رجوع قلب کرے۔ بہ وقت خانہ پُری بخورات سُلگا کر اپنے کو بہترین خوشبو سے معطر کرنا چاہئے۔

بیقراری محبوب میں

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۷	۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

اگر منظور ہے کہ محبوب بھی بیقرار ہوجائے تو چند پھول تازہ کسی چیز کے ہوں لیکن اپنے اندر دل پسند خوشبو رکھتے ہوں حاصل کرے پھر ان پر اپنے مطلب جائز کو زیر نگاہ رکھتے ہوئے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر ہزار بار واللّٰہُ المستعان علیٰ ماتصفون یا رفیق یا شفیق یا حق من کل ضیق ۵ پڑھے اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ان پھولوں پر دم کردے اس کے بعد یہی پھول محبوب کو تحفہ بھیج دے۔ محبوب کا پھول سونگھنا شرط ہے وہ قابو سے باہر ہوجائے گا۔ اور بغیر ملاقات کئے قرار نہ آئے گا۔ بے مثل اور مجرب ہے۔

کایا پلٹ حُب

حُب کے متعلق یہ وہ بہترین نقش ہے جو آنِ واحد میں طالب کو مطلوب اور مطلوب کو طالب بنا دیتا ہے طریقہ اس کا یہ ہے کہ پیر یا جمعہ کے دن اس تعویذ کو لکھ کر معشوق کے سر کے بالوں سے لپیٹ کر کورے چراغ کے اندر کسی خوشبو دار تیل میں شہدِ سفید کی آمیزش کرنے کے بعد فتیلہ بنا کر بلاناغہ روزانہ سات روز تک روشن کرے انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب طالب ہوجائے گا۔

نقش یہ ہے

عہ۱۸۱۸۱۸	۱۱۱۱
۲۱۲۷ رر	رر
۱۱۸۶۷۱۷۱۷	۴۴۴

برائے حاضری

حسب ذیل عبارت مرغ کے انڈے پر لکھ کر آگ میں دبا دینے سے سرکش سے سرکش محبوب فوراً حاضر ہوگا۔

۱۲۷ ۴۱۱ ۲۰ ۱۴۹۲۲ ۱۱ ۱۱ ۱۱۷۷ ۳۱۲ ۳۲

عن عجن العجل العجیل ۱۱ الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ الساعۃ الہو الہو البطریق فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں ۲ الساعۃ الساعۃ العجل العجل العجل امر ما نحۃ فلاں بن فلاں

برائے محبت زن وشوہر

اگر زن وشوہر میں کسی ایک کی یا دونوں کی وجہ سے باہمی ناچاقی ہو اور کوشش اتفاق و میل کرانے کی ختم ہو چکی ہوں اور نوبت جدائی کی قریب آچکی ہو تو اُس وقت دونوں کو یہ تعویذ لکھ کر پلانے سے ان کے درمیان پھر محبت و الفت پیدا ہو جائیگی آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۶۵۳	۴۱۶۴۸	۴۱۶۵۵
۴۱۶۵۴	۴۱۶۵۲	۴۱۶۵۰
۴۱۶۴۹	۴۱۶۵۶	۴۱۶۵۱

تسخیر قلب

مخفی نہ رہے کہ عمل برائے تسخیر قلب نہایت زود اثر ہے۔ عامل کا دوران ورد عمل پاک وپاکیزہ رہنا ضروری ہے اور اگر عامل ہمہ وقت باوضو رہے تو یہ اور بھی بہتر ہوگا۔ چونکہ یہ عمل چالیس روز کی چلہ کشی کا ہے اس لئے ترک لذات وحیوانات بھی ضروری ہے کہ تاثیر جلد ظاہر ہوگی۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں پہلے جمعہ کو بعد غسل دو رکعت نماز بزیر آسمان ادا کرے اور پھر اپنا منہ محبوب کے گھر کی جانب کرکے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اسی طریقہ سے چالیس روز تک بہ پابندی وقت وجگہ ورد عمل بجالائے۔ اگر درمیان میں ناغہ ہوگیا۔ یا وقت کا خیال نہ رہا یا جگہ بدل گئی تو عمل ناقص ہوگیا اور محنت رائگاں گئی۔ پھر سے شروع کرے۔ دوران ورد عمل بخورات سلگاتا رہے۔ بہتر ہے کہ اندرون حصار عمل کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ وَحَسْبِیْ عَلٰی فُلَانٍ اعْطِفْ قَلْبَہٗ عَلَیَّ وَذَلِّلْھَا فَاِنَّ اللّٰہَ الْقَادِرُ اَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً ۝ وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ

کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ط

پھر اس کے بعد دعا مانگے کہ یا خدا فلاں شخص (نام اس کا لیوے) کا دل میری طرف رجوع ہو۔

طشتری محبت

حسب ذیل نقوش باوضو ہوکر دو علیحدہ علیحدہ چینی کی طشتریوں پر زعفران وعرق گلاب سے لکھ کر محبوب بے التفات کو پلادے، فرماں بردار ہوجائے گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۲۱۹۴	۲۱۸۷	۲۱۹۲
۲۱۹۳	۲۱۹۱	۲۱۸۹
۲۱۸۸	۲۱۹۵	۲۱۹۰

۷۸۶

۹۸۵	۹۸۰	۹۸۷
۹۸۶	۹۸۴	۹۸۲
۹۸۱	۹۸۸	۹۸۳

اَلْحُبُّ فلاں بن فلاں علٰی حُبِّ فلاں بن فلاں یا رحیم یا رحیم

احب یا ہنونت بیر عشق براق محمد الرسول اللہ و دوم براق خنک اسحٰق سوم دارہ علی حیدر چہارم براق اصغر

نقش مجسمہ

یہ نقش فراوانی یعنی زیادتی محبت کے لئے تیر بہدف کا کام کرتا ہے۔ طریقہ تحریر اس کا یہ ہے کہ صندل سرخ کو آب چاہ میں گھس کر محلول تیار کیجئے اور پھر ایک سادے کاغذ پر بجائے روشنائی کے اسی محلول صندلی سے ایک گول دائرہ کھینچئے پھر دائرے کے اندر محبوب کی خیالی تصویر بنایئے اور تصویر کے مقام ناف پر محبوب اور اس کی ماں کا نام

لکھئے اور پھر صندل کو گلاب میں حل کر کے لب کا دائرہ بنائیے اور پھر تمام دائرے کے حرفوں کو اسی محلول سے تحریر کیجئے اور پھر اس نقش کو دھو کر شربت میں ملا کر محبوب کو پلا دیجئے۔ مجرّب ہے۔

تصویر بناؤ

ناف

فلاں بن فلاں

برائے زن و شوہر

یہ دعائے جلیل القدر ایسے زن و شوہر کے لئے ہے جو ایک دوسرے سے مشکوک ہو کر خلوص و محبت کھو چکے ہوں انھیں چاہئے کہ یوم مشتری یعنی جمعرات کے دن بر وقت ساعت مشتری دعائے مندرجہ ذیل بعد پڑھنے چودہ[۱۴]، چودہ[۱۴] مرتبہ اوّل و آخر درود شریف اکیس[۲۱] مرتبہ دونوں کی مرغوب شیرینی پر پھونک دے اور ایک ہفتہ تک دونوں کو کھلاتا رہے۔ آزمودہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ـ عٓسٓقٓ ـ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ○ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○ اَلْحُبُّ فلاں بن فلاں علٰی حُبِّ فلاں بن فلاں

تعویذ سورۂ اخلاص

یہ سورۂ مبارکہ ہے کہ اس کے خواص بہت ہیں عروج ماہ میں بروز جمعہ ساعت زہرہ اس نقش کو باوضو بہ نیت صادق پُر کرے۔ اگر انار کے درخت سے باندھے تو محبوب حاضر ہوگا اور شب میں سوتے وقت تکیہ کے نیچے رکھے گا تو محبوب بے قرار ہوگا۔ لیکن طریقۂ دوم نہ کرے کہ کلام پاک کی بے حرمتی ہوگی۔

۷۸۶

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له
لم	یلد	ولم	یولد	وله	یکن	له	کفوًا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوًا	احد

طلسمی محبت

محبت کے حاصل کرنے اور اس میں استحکام وزیادتی پیدا کرنے کے لئے مندرجہ ذیل طلسمی عمل متواتر تین رات کرنے سے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ طریقہ یہ ہے کہ ہر شب میں طلسم مندرجہ کا ایک فتیلہ بنا کر چراغ گلی کو روغن تل سے پُر کرکے اس میں طلسمی فتیلے کو جلائیں اور چراغ کے رُخ کو محبوب کے گھر کی طرف کردیں۔ اسی طرح دوسرا فتیلہ دوسرے روز اور تیسرا فتیلہ تیسرے روز جلائیں۔ مجرب ہے۔

پہلی شب عہ ۱۱ ۱۱ط ط ۱۱۱ ط و ر ھ ھ
الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں

دوسری شب عہ ۱۱۱ اطلا ۱۱۹ ط ح م ۱۱۱ ھ ۵ ۶
الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں

تیسری شب ۱۱۱ ط ۱۱ ۵ ھ ۶ ۱۱۱ ن ھ
الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں

برائے محبت برادران

رفتارِ زمانہ کو دیکھتے ہوئے اگر بھائیوں میں ناچاقی ہوگئی ہو تو ان میں اتفاق رکھنے کے لئے یہ تعویذ بہت مفید ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ تعویذ کی پشت پر اپنے اور اپنے بھائی و ماں کے نام کے اعداد نکال کر لکھو اور انکو جمع کرنے کے بعد فتیلہ بنالو اور پھر انکو درود شریف پڑھتے

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

ہوئے عود و عنبر میں جلا ڈالو۔

تسخیر کامل

یہ نقش حُب کا بہترین نقش ہے۔ علاوہ محبوب کے سلاطین با اختیار و اُمرائے نامدار وحاکمان ذی وقار کے ساتھ ہی ساتھ بدترین دشمن تک کو بے قابو کرکے اس کی دشمنی کو مبدل بدوستی کر دیتا ہے۔ جائز امور میں نافع اور ناجائز امور میں انتہائی نقصان دہ ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ پہلے جس کے لئے عمل کیا جائے اس کے نام اور اس کی ماں کے نام کے اعداد بحساب ابجد جمع کرکے حاصل جمع کو بارہ سے تقسیم کردو جو باقی بچے گا وہی اس کا طالع ہے۔ پس جس وقت طالب سے مطابقت کرنے والا بُرج طلوع ہو رہا ہو اور وہ دیگر سیارگان کی نظر بد سے محفوظ ہو تو عمل فوراً شروع کر دینا چاہئے۔ یعنی اُسی وقت قلم بنائے اور سیاہی پاک و پاکیزہ تیار کرکے نقش مندرجہ ذیل بخورات کی خوشبو میں بہ نیت صادق پُر کرے اور بعد موم جامہ سیاہ کپڑے میں سِل کر دائیں بازو پر باندھ لے روزانہ عود و عنبر کی دھونی دیتا رہے زمین پر اُتار کر کبھی نہ رکھے ورنہ تاثیر زائل ہو جائیگی انشاءاللہ مطالب جائز بر آئینگے۔

۷۸۶

ا	ن	الله	هو
هو	الر	زاق	ذل
ق	و	ت	ل
م	ت	ی	ن

الٰہی فلاں بنت فلاں کے دل کو میرے لئے مسخر کردے

الٰہی فلاں بنت فلاں کے دل کو میرے لئے مسخر کردے

برائے حاضری محبوب

مندرجہ ذیل نقش عمل حُب میں بہت زیادہ مفید نہایت زود اثر ہے جو بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔ اس کے کئی ایک مختلف طریقے ہیں۔ چنانچہ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اوائل ماہ میں بروز جمعرات بہ ساعت مشتری اگر محبوب مرد ہے تو بکرے کے دائیں شانے کی ہڈی پر اور اگر محبوب عورت ہے تو بکری کے بائیں شانے کی ہڈی پر لکھ کر بعد ملنے شہد زیر زمین ایسے مقام پر دفن کردیں جہاں تمام دن تمازت آفتاب اچھی پڑتی رہے۔ محبوب حاضر ہوگا۔ دوسرا طریقہ ایک کورے پیالے پر نقش مذکورہ لکھ کر دریا میں قبل طلوع آفتاب دربارہ حاضری محبوب بہاوے انشاء اللہ محبوب حاضر ہوگا۔

نقش یہ ہے

۱۱ ۱۸ ۱۸ ھ ۱۸ ۱۱ ۸
ک ۱۱ ۹ عـ ۱۸ ۱۱
۱۱۱ ۱۹ ۱ عـ ۱۹۱۶ ۱۱۱ ھ ۱
۱۱ ۲۱ ۱ لا۶ ۶عـ ۱۱۸ عـ ۱۱
ھ ۹۱ لا۶ ھ ۹۱ ۲ و ۱
۱۸ لا ۶ ۱۱ ۱ع۴ ۸ ۸
۸۵ السیاعتہ
فلاں بن فلاں علی حُب فلاں بن فلاں

بابِ سوم

تفریق یعنی جُدائی

برائے دشمنی و جُدائی

یہ نقش باہمی دشمنی وجدائی کرانے میں اپنا جواب نہیں رکھتا۔ عاملین کا بارہا کا آزمودہ ہے۔ منظور ہو کہ باہمی دوستوں میں دشمنی پیدا ہوکر دائمی جدائی ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ نقش مندرجہ ذیل کو در ساعت قمر درعقرب بروز ہفتہ اگر ایسا اتفاق ہاتھ آجائے یا تحت الشعاع میں لکھ کر دونوں کا نام معہ اسماء مادران چاروں طرف لکھے بعدہٗ نقش کے ہر خانے کو قینچی سے پُرزے پُرزے کر کے ان کے مکان میں ڈال دے۔ دشمنی پیدا ہوکر جدائی کی صورت اختیار کرلیگی۔

۷۸۶

ت	ف	س	ی	ق
ف	س	ی	ق	ت
س	ی	ق	ت	ف
ے	ق	ت	ف	س
ق	ت	ف	س	ی

برائے نفرت وجُدائی

عامل پر لازم ہے کہ جن دو محبت کرنے والوں کے دل میں نفرت پیدا ہوکر جدائی ہو جائے اس کو چاہیئے کہ ہر دو اشخاص کا طالع معلوم کرے اور جب اُسکا ستارہ برج نحس

میں سفر کرتے ہوئے دیگر ستارگان کی نظر بد میں ہو تو حسب ذیل نقش کو بہ اعتبار صادق تحریر کرکے آب دریا میں گھولنے کے بعد وہ پانی دونوں کے گھر میں دیوار پر چھڑک دے۔ مجرب ہے۔

١٤	٧	٩	٤
١	١٢	٦	١٥
٨	١٣	٣	١٠
١١	٢	١٦	٥

برائے پیدا کرنے دشمنی

مقصود ہو کر دو افراد میں باہم دشمنی پیدا ہو جائے تو حسب مندرجہ نقش چنے کی روٹی پر لکھ کر قمر ناقص النور میں کتے کو کھلا دینا چاہئے۔ نقش لکھتے وقت منہ کے اندر کوئی کڑوی چیز رکھنا ضروری ہے انشاء اللہ دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

محکمہ ١١ھ ١لا ٩ ٨ ط — ١١٩ ٨١١ ٦١ھ ٣
١١٣١ ١١ ١١ھ ١١ ١١ — ١١ ٦١١١ ١٥ ٪
١١ھ ١١ ١ — ١١ ٣١ ١١١١ ع

پھوٹ ڈالنے کے لئے

اگر دو آدمیوں کے درمیان نفرت و حقارت کے جذبات پیدا کراکے ان میں پھوٹ ڈلوانی ہو تو نقش

مندرجہ ذیل کو سنیچر کے دن مریخ کی ساعت میں جب کہ قمر ناقص النور اور برج زوال میں ہو منہ میں کوئی تلخ چیز رکھ کر نقش مذکور کو لکھو اور کسی اندھے کنوئیں میں (وہ کنواں جس میں پانی نہیں ہوتا) چالیس روز تک ڈالتے رہو انشاء اللہ جدائی یقینی ہے پھوٹ پڑ جائیگی لیکن اس نقش کے پُر کرنے کے لئے ساہی

١٣٦٧	١٣٧١	١٣٧٤	١٣٦٠
١٣٧٣	١٣٦١	١٣٦٦	١٣٧٢
١٣٦٢	١٣٧٦	١٣٦٩	١٣٦٥
١٣٧٠	١٣٦٤	١٣٦٣	١٣٧٥

جو ایک جانور ہوتا ہے اور اس کے تمام بدن میں کانٹے ہوتے ہیں۔ یہ کانٹے لمبے لمبے اور بہت زیادہ نوکیلے ہوتے ہیں لہٰذا ان کانٹوں کے قلم کی ضرورت ہوگی۔

برائے پھوٹ

اگر آپ چاہتے ہیں کہ باہمی دو دلوں میں پھوٹ پڑ جائے اور آپ کے رقیب کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے تو آپ بہ رجوع قلب حسب مندرجہ نقش ہٰذا کے دو تعویذ تیار کیجئے ایک تعویذ کو محبوب کی چوکھٹ کے نیچے دفن کردیجئے اور دوسرا تعویذ گھول کر

١٤	٧	٩	٤
١	١٢	٦	١٥
٨	١٣	٣	١٠
١١	٢	١٦	٥

اس کا پانی محبوب اور رقیب کو پلا دیجئے دونوں میں ناچاقی ہو جائے گی اور آپ اپنے مقصد میں انشاء اللہ خاطر خواہ کامیاب ہو جائیں گے۔

نقش مرتب کرتے وقت منہ میں کوئی تلخ چیز ضرور رکھ لیجئے گا۔

برائے خرابی دشمن

جب دشمن نے کسی ایذا پر کمر باندھی ہو اور آپکو اس امر کا یقین ہوگیا ہو تو نقش ہذا جسکو نقش سورۂ انبیار کہتے ہیں باقاعدہ مرتب فرما کر اپنے پاس رکھئے دشمن آپ ہی تباہ و برباد ہو جائے گا اور آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے اس نقش کے پُر کرنے کا طریقہ بدستور ہے۔

٩٥٥٤٨	٩٥٥٦٢	٩٥٥٥٩	٩٥٥٥٦
٩٥٥٦٠	٩٥٥٥٥	٩٥٥٤٩	٩٥٥٦١
٩٥٥٥٤	٩٥٥٥٧	٩٥٥٦٤	٩٥٥٥٠
٩٥٥٦٣	٩٥٥٥١	٩٥٥٥٣	٩٥٥٥٨

برائے ہلاکی اعدار

یہ نقش سورۂ فرقان کا ہے۔ ہر مشکل سے مشکل کام میں رہنمائی کرتے ہوئے عامل کے لئے باعث سکون ہوتا ہے اور برائے ہلاکت عدو طریقہ اس کا یہ ہے کہ اوّل وآخر بار سات سات بار درود شریف درمیان میں اکیاسی بار سورۂ فرقان چالیس روز تک بعد نماز عشاء پڑھ لیا کیجئے اور نقش مندرجہ ذیل پاک سیاہی سے پاک کاغذ پر لکھ کر بعد موم جامہ گلے میں ڈال لیجئے۔ انشاء اللہ کامیابی یقینی ہے۔

٥٢٣٨٦	٥٢٤٠٠	٥٢٣٩٦	٥٢٣٩٣
٥٢٣٩٧	٥٢٣٩٢	٥٢٣٨٧	٥٢٣٩٩
٥٢٣٩١	٥٢٣٩٤	٥٢٤٠٢	٥٢٣٨٨
٥٢٤٠١	٥٢٣٨٩	٥٢٣٩٠	٥٢٣٩٥

باب چہارم
چشم زخم یعنی نظر بد

قاضی حسین نے جو اپنے وقت کے بہت بڑے جید عالم تھے ذکر کیا ہے کہ نظر بد کا لگنا حق ہے۔ اس باب میں حدیثیں بھی بہت وارد ہیں از آنجملہ یہ حدیث ہے کہ فرمایا حضور پیغمبر اکرم ؐ کہ اَلْعَیْنُ حَقٌّ یعنی نظر حق ہے اور یہ حدیث بھی ہے اَلْعَیْنُ تُدْخِلُ الْقَبْرَ وَالْجَمَلَ الْقِدْرَ یعنی نظر بد آدمی کو داخل کرتی ہے قبر میں یعنی آدمی مرجاتا ہے اور قبر میں رکھا جاتا ہے۔ اور اونٹ کو دیگ میں داخل کرتی ہے۔ یعنی نظر بد سے اس کے ذبح ہونے کی نوبت آجاتی ہے اور دیگ میں پکایا جاتا ہے۔ نظر بد اگرچہ حق ہے لیکن وہ بنفسہٖ مہلک نہیں ہے۔ چنانچہ حدیث میں وارد ہے کہ جب تم کو کوئی چیز اچھی معلوم ہو تو کہو مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

عمل برائے نظر بد

جس کسی کو نظر بد لگی ہو تو اس کے لئے بہتر ہے کہ اوّلاً ایک تازہ بیضۂ مرغ حاصل کرے اور اس پر یہ کلمات لکھے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا مُّلْکٌ نَوْءٌ اس کو سات بار لکھ کر انڈے کو کف دست میں رکھ کر اس کے

نیچے کشنیز خشک کا بخور دیں اور سورۂ اخلاص پڑھتے رہیں یہاں تک کہ انڈا ہتھیلی پر خود بخود کھڑا ہو جائے۔ بعد ازاں اس کو توڑ ڈالیں۔ توڑنے کے بعد اندر نقطے خون سُرخ کے نظر آویں تو وہی نظر بد ہے اس کو شخص معمول کی پیشانی پر مالش کریں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

ایضاً جاننا چاہئے کہ نظر بد وہ بلائے بد ہے کہ یہ آن واحد میں اگر لگ جائے تو ہرے بھرے باغ کو خشک کر دیتی ہے، لہٰذا خطرناک نتائج برآمد ہونے سے پہلے ہی اس پر توجہ دینے کی سخت ضرورت ہے۔ نظر بد کے مریض کے لئے چاہئے کہ سات گولیاں گڑ کی بنا کر ہر گولی پر سات سات بار عزیمت مندرجہ ذیل پڑھ کر مریض کو کھلا دے انشاء اللہ شفا ہوگی۔ اَبَاسَرَ بِالْحُرِّ مَاحِیْس بَرْحَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

نقشِ دافع نظر بد

نقش ہٰذا بہت سی خوبیوں کا مالک ہے تذکرہ اگر اس کے سارے خواص کا کیا جائے تو ایک علیحدہ باب کی ضرورت ہوگی۔ مختصر یہ ہے کہ نقش ہٰذا بہترین دافع نظر بد ہے باضابطہ بخورات روشن کرنے کے بعد برجوع قلب اگر لکھ کر مریض کے سرہانے لٹکا دیا جائے تو انشاء اللہ اس کو شفا ہوگی۔

۴۴	۴۹	۲	۷
۶	۳	۴۶	۴۷
۴۸	۴۳	۸	۱
۴	۴	۴۴	۳۷

۴۴	۶	۳۵	۷
۴۹	۳	۳۶	۲
۵	۴۳	۸	۴۴
۴	۳۸	۱	۳۷

برائے دافع بد نظری و ڈائن

ارواحِ خبیثہ میں ڈائن جو ایک قسم کی بدروح ہوتی ہے عاملان اخبار و آثار نے اس کا شمار کیا ہے۔ چنانچہ جب کسی شخص بچہ، جوان یا بوڑھا کوئی بھی ہو اگر اس کو ڈائن کی نظر لگ گئی ہے تو مریض کے عامل کو لازم ہے کہ وہ صحن خانہ میں زمین پر ایک خط کھینچے اور آیت حسب ذیل پڑھ کر اُس پر پانی کا چھینٹا دے۔ ڈائن کی بصارت جاتی رہے گی اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔ قبل شروع و بعد ختم آیت شریف تین تین مرتبہ درود شریف پڑھنا لازم ہے۔ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یُحِقَّ الْحَقَّ وَیُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا فَاِنْ یَّشَاِ اللّٰہُ یَخْتِمْ عَلٰی قَلْبِکَ وَیَمْحُ اللّٰہُ الْبَاطِلَ وَیُحِقُّ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ اِنَّہٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

ایضاً جب کسی کو ڈائن کی نظر لگی ہو اور وہ پریشان ہو کر شفا کی جانب سے مایوس ہو چکا ہو تو رات کو جب اُس کے گھر والے سب سو جائیں تو وہ اپنے دروازے کی چوکھٹ پر سات لکیریں کھینچے اور جب لکیر کھینچنا شروع کرے تو ہر لکیر کے اوپر سات سات بار آیت حسب ذیل کو پڑھے جب آخری بار ہو جائے تو لکیر کو تمام کرے اور اسی طرح ساتوں لکیروں کو کھینچے اور صبح صادق کے وقت ان لکیروں پر جا بیٹھے جو کوئی گھر میں آئے گا اُس کو معلوم ہوگا کہ یہاں کیچڑ پڑی ہے۔ اپنا پاجامہ اُٹھائے گا اور وہ ڈائن ہوگی۔ مریض

شفا پائیگا وہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۞ قِیۡلَ یٰنُوۡحُ اھۡبِطۡ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَکٰتٍ عَلَیۡکَ وَعَلٰۤی اُمَمٍ مِّمَّنۡ مَّعَکَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُہُمۡ ثُمَّ یَمَسُّہُمۡ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ۞

دافع چشم زخم یہ نقش مبارکہ سورۃ والعادیات کا ہے۔ یوں تو ہر مرض میں مریض کا رہبر ہو کر مریض کے فوراً سکون و شفا کا باعث بنتا ہے لیکن چشم زخم یعنی بدنظری کے مریضوں کے لئے فوراً مسیحائی کا کام کرتا ہے۔

۷۸۶

۷۹۰۵	۷۹۰۸	۷۹۱۲	۷۸۹۸
۷۹۱۱	۷۸۹۹	۷۹۰۴	۷۹۰۹
۷۹۰۰	۷۹۱۴	۷۹۰۶	۷۹۰۳
۷۹۰۷	۷۹۰۲	۷۹۰۱	۷۹۱۳

ایضاً یہ نقش مبارکہ سورۃ بلد کا ہے۔ ایکسو ایکس[۲۱] بار درود شریف پڑھنے کے بعد لباعث سعد پاک کورے کاغذ پر پاک سیاہی سے لکھ کر اپنے پاس رکھے نظر بد سے محفوظ رہیگا چشم زخم کے مریض کو چینی کی پلیٹ میں زعفران وگلاب سے لکھ کر پلانے سے شفا ہوگی۔ مجرب ہے۔

۶۷۰	۶۷۳	۶۷۷	۶۶۳
۶۷۶	۶۶۴	۶۶۹	۶۷۴
۶۶۵	۶۷۹	۶۷۱	۶۶۸
۶۷۲	۶۶۷	۶۶۶	۶۷۸

باب پنجم

کشائش رزق و ترقی کاروبار

زیادہ تر دیکھنے میں آیا ہے کہ جب لوگ فکر معاش میں پریشان ہوتے ہیں تو اُن کی آئی ہوئی عقلیں خبط ہو جاتی ہیں وہ قول خدا کو بالکل بھول جاتے ہیں وہ رزاق ہے اُس نے رزق دینے کا وعدہ کیا ہے اور بزرگان دین کے ذریعے سے اُس نے یہ بھی بتا دیا ہے کہ اس طریقے سے مانگو۔ ہم کو یاد کرتے ہوئے مانگو ہم صادق الوعد ہیں تم کو رزق ضرور دیں گے۔ تو پھر نہایت افسوس کی بات ہے کہ ہم اس منزل پر پریشان ہوتے ہیں۔ اپنے ہی جیسے انسان کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہیں۔ یہ نہیں سوچتے کہ جس نے اسکو دیا ہے کیا ہم کو نہ دیگا۔ ضرور دے گا۔ البتہ مانگنے کا طریقہ ہونا چاہیئے ذیل میں چند دعائیں و نقوش تحریر ہیں۔ اُن کو اپنا رہبر بنائیے انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔ لیکن رزق حلال کے لئے رزق حرام کے لئے نہیں سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ نماز کی سختی سے پابندی کیجئے۔ نوافل میں اضافہ کیجئے۔ تھوڑی ہی سہی لیکن قرآن پاک تلاوت روزانہ کیجئے۔ غصہ مت کیجئے کہ قاطع رزق ہے۔ خیالات کو پاک و پاکیزہ رکھئے۔ انشاءاللہ تنگی رزق میں مبتلا نہ ہوں گے۔

وسعت رزق جاننا چاہئے کہ جب زمانہ ناموافقت کرے اور رزق میں تنگی ہو رزاق برحق کی طرف صدقِ دل سے رجوع کرے۔ رزق میں فراوانی ہوگی۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی محتاج ہو وہ اس دُعا کو پڑھے انشاء اللہ تنگ دستی دور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَللّٰهُمَّ اَكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ایضاً حسب ذیل دُعا برائے وسعت رزق حلال اکسیر ہے۔ وقتاً فوقتاً تلاوت کرتا رہے غیب سے سامان برکت فراہم ہوتا رہے اور عامل کو خبر تک نہ ہوگی۔ خواہشات جائز پوری ہوتی رہیں گی۔ عامل کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِىْ قَلْبِىْ رَجَاءَكَ وَاقْطَعْ رَجَائِىْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰى لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَيْرَكَ اَللّٰهُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِىْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِىْ وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَيْهِ رَغْبَتِىْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْئَلَتِىْ وَلَمْ يَجْرِ عَلٰى لِسَانِىْ مِمَّا اَعْطَيْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ مِنَ الْيَقِيْنِ فَخُصَّنِىْ بِهٖ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

ایضاً نقل ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں محتاج رہتا ہوں اور اہل وعیال

بھی بکثرت ہیں کچھ اس کا تدارک ارشاد فرمایئے تاکہ فاقہ سے نجات پاؤں۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جا اور چالیس روز تک صبح کے وقت دو رکعت نماز پڑھ کر بارہ بار سورۂ اخلاص پڑھ پھر بارہ بار مجھ پر درود بھیج اور آسمان کی طرف دیکھ کر دوسو مرتبہ آیۃ کریمہ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ٥ پڑھ اور آسمان کی طرف دم کر اس قدر تجھ کو مال ملیگا کہ تیرے حساب سے باہر ہوگا۔ چنانچہ اُس نے بفرمان رسول اکرمؐ ایسا ہی کیا۔ بعد چلّے کے اُس نے دیکھا کہ دیوار سے روپیہ گرتا ہے اس نے اس کو جمع کرنا شروع کیا اور بہت مال دار ہوگیا۔

بابتہ دُور ہونے افلاس اگر کوئی شخص مفلس ہوگیا ہو اور کوئی تدارک افلاس کو دُور کرنے اور اس سے نجات حاصل کرنے کا باقی نہ رہ گیا ہو تو اسکو چاہئے کہ عروج ماہ میں بعد نماز جمعہ کے دو رکعت نماز برجوع قلب بجالاوے ہر رکعت میں سورۂ اخلاص تین بار اور یَا وَهَّابُ ہزار بار یَا رَزَّاقُ ہزار بار اور یَا وَهَّابُ ہزار بار اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص تین بار اور یَا رَحِيْمُ ہزار بار اور بعد سلام کے تین سو بار درود شریف پڑھے۔ خدائے تعالیٰ غیب سے روزی دیگا۔

بابت فراوانی دولت اگر مقصود ہے کہ دولت میں اضافہ ہو تو نقش مندرجہ ذیل کے مطابق کسی تاریخ سعید

میں جس کا دن بھی سعید ہو اچھی ساعت میں ایک تعویذ تیار کرو اور عود و عنبر میں دونوں وقت اس کو دھونی دے کر خود اس کا دھواں لو۔ صاحب

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

عز و جاہ ہونے کے ساتھ ساتھ دولت میں بھی فراوانی ہوگی۔

برائے خیر و برکت

نقش حسب مندرجہ ذیل کے مطابق نیک ساعت میں علیحدہ علیحدہ دو تعویذ تیار کیجئے ایک تعویذ عود و عنبر کی دھونی دے کر مکان کی اندرونی دیوار میں قبلہ کی طرف چسپاں کر دیجئے اور دوسرے تعویذ کو پانی میں گھول کر مکان کی اندرونی دیواروں پر چھڑک دیجئے۔ مجرّب ہے۔

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

دستِ غیب

اگر کوئی شخص معاشی فکر میں مبتلا ہو کر انتہائی پریشانی کی منزل میں پہنچ گیا ہو تو اس کو چاہیئے کہ حسب ذیل اسماء کو مندرجہ ذیل طریقے پر باوضو ہو کر ایک پاک کاغذ پر لکھ کر اپنے سرھانے رکھ کر سوئے۔ روزی انشاء اللہ غیب سے ملے گی۔ یہ عمل اس کو تین دن تک کرنا ہوگا۔ بستر بھی معتکیہ

کے پاک ہو اور عمل بھی باوضو ہو کر سوتے۔ ہر سہ روز اگر کی بتی سلگا کر مکان خوشبودار کیا جائے۔

۷۸۶

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم	لا الہ
۱ الا بہ	یا ہو ۲	۲۰۶	رحمان ۲۷
کامع	اخر ۱	سردن	لمسن
کمرو	محمد	رسول	۱ اللہ

فروغ رزق

برائے وسعت رزق اگر آپ بلاناغہ بعد نماز فجر پہلے پانچ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سو مرتبہ اللّٰہ الصّمد اور پھر اس کے بعد پانچ مرتبہ درود شریف بہ رجوع قلب پڑھ لیا کریں اور نقش مندرجہ ہذا کو پاک سیاہی سے پاک کاغذ پر لکھ کر عود و عنبر کی دھونی دینے کے بعد رکھیں تو انشاء اللہ رزق کی طرف سے آپ کبھی پریشان نہ ہوں گے۔ مجرّب ہے۔

۷۸۶

۴۴۳	۳۹	۵	۷۹۵
۴۵	۸۹	۷۴	۳۷
۸۸	۳	اعہ	۴۸
عہ۳	۴۹	۷۴	عہ

ایضاً

مندرجہ ذیل نقش مبارکہ بابت وسعت رزق بارہا کا آزمودہ ہے جو نہایت پُر تاثیر ہے۔ طلب رزق حلال کے لئے مفید اور رزق حرام کی طلب کرنیوالے کے لئے انتہائی مضر ہے لکھ کر

۷۸۶

۷۸۵	۷۷۸	۷۸۳
۷۸۰	۷۸۲	۷۸۴
۷۸۱	۷۸۶	۷۷۹

یا حبیبك یا اللہ

ہروقت اپنے پاس رکھے۔ البتہ بحالت نجاست الگ کردے انشاء اللہ رزق میں وسعت ہوگی بروز جمعرات بساعت مشتری تحریر کرے۔

برائے آسودگی یہ اسمِ معظم جائز طریقے پر آسودگی حاصل کرنے کے لئے تیر بہدف کا کام کرتا ہے۔ ظالم اپنے مُنہ کی کھاتا ہے اور مظلوم اپنی داد کو پہنچتا ہے انتہائی پریشانی کے عالم میں جب کوئی دوسرا چارۂ کار باقی نہ ہو اس عمل کو کرنا چاہیے۔ طریقہ اس عمل کے کرنے کا یہ ہے کہ جس کے لئے عمل کیا جائے عامل کو چاہیے کہ سب سے پہلے اس کا لگن معلوم کرے اور لگن کے معلوم کرنے کا

سبحانك انی کنت من الظالمین حسبنا اللہ ونعم الوکیل ونعم المولیٰ ونعم النصیر امری الی اللہ

لا	الٰہ	الا
انت	سبحانك	انی
کنت	من	الظالمین

العلی العظیم لا الہ الا انت

[illegible]

خدایا فلاں بنت فلاں کو آسودگی بخش اور اسکو غم و آلام سے نجات دلائے

طریقہ یہ ہے کہ سائل اور اس کی ماں کے نام کے اعداد بحساب ابجد علیحدہ لکھ کر سب کو جمع کرے اور اگر ماں کا نام نہ معلوم ہو تو حوّا کے اعداد بجائے ماں کے نام کے شامل کرے پھر حاصل جمع کو بارہ سے اس وقت تک تقسیم کرتا رہے جب تک بارہ سے کم آخر میں نہ بچے اب جو تقسیم سے آخر میں باقی بچے گا وہی لگن قائم

کرے گا۔ پس جب سائل سے مطابقت کرنے والا برج دیگر سیارگان کی نظر بد سے محفوظ ہوتے ہوئے طلوع ہو رہا ہو اُس وقت عمل شروع کیا جائے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

فراوانی دولت اوپر بتائے ہوئے طریقے پر برجوع قلب حق حلال وصدق مقال کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بعد دریافتگی لگن سائل نقش مندرجہ ذیل بطریقہ مندرجہ بالا عروج ماہ میں عود وعنبر کی خوشبو سلگاتے ہوئے تیار کر کے اپنے پاس رکھے جائز طریقے پر دولت میں فراوانی ہوگی۔ آزمودہ اور زود اثر ہے۔ روزانہ صبح کے وقت بعد نماز فجر اور شب میں بعد نماز عشاء عود وعنبر کی دھونی سے غسل دے دیا کرے۔

۷۸۶

د	ا	لا	ل
ہ	خ	ی	ر
ا	ل	ر	ا
ز	ق	ی	ن

بابت فراوانی زراعت نقش مندرجہ ذیل ساعت سعید میں لکھ کر بعد بجالانے دو رکعت نماز صبح صادق کے وقت کھیت

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

یا باغ کے چاروں کونوں میں دفن کر دیجئے ۔ بارش اور فصل بہت اچھی ہو گی لیکن یہ یاد رہے کہ تعویذ چار ہوں گے ۔

برائے دافع افلاس

نقش مندرجہ سورہ مومنون کا ہے افلاس کے دور کرنے میں تیر بہدف اثر رکھتا ہے لیکن عامل خود سائل ہو یا نہ ہو اُس کا اور سائل کا نمازی ہونا ضروری ہے اس لئے کہ مومن کی معراج نماز ہے اور یہ سورہ نماز گذاروں کو دوست رکھتی ہے بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات اوّل ساعت مشتری میں باوضو بعد ادائے دو رکعت نماز نفلی اور ایک سو اکیس[۱۲۱] بار درود شریف مہینے کی طاق تاریخوں میں سے کسی تاریخ میں نقش مذکور کو بحالت رکھنے روزہ پُر کرے اور اپنے پاس رکھے انشاء اللہ افلاس دور ہوگا ۔ آزمودہ ہے ۔

۷۸۶

۸۷۹۲۱	۸۷۹۳۴	۸۷۹۳۱	۸۷۹۲۸
۸۷۹۳۲	۸۷۹۲۷	۸۷۹۲۲	۸۷۹۳۳
۸۷۹۲۶	۸۷۹۲۹	۸۷۹۳۶	۸۷۹۲۳
۸۷۹۳۵	۸۷۹۲۴	۸۷۹۲۵	۸۷۹۳۰

برائے رزق از غیب

یہ نقش سورہ دہر کا ہے ۔ مندرجہ بالا طریقہ پر لکھا جائیگا جو کوئی شخص بخلوص نیت اپنے گلے میں ڈالیگا رزق غیب سے پائیگا اور جو شخص نوچندی جمعرات سے چالیس روز تک

۷۸۶

۱۹۳۸۹	۱۹۳۹۵	۱۹۳۹۹	۱۹۳۹۶
۱۹۴۰۰	۱۹۳۹۵	۱۹۳۹۰	۱۹۳۹۳
۱۹۳۹۴	۱۹۳۹۷	۱۹۳۹۷	۱۹۳۹۱
۱۹۳۹۶	۱۹۲۹۲	۱۹۳۹۳	۱۹۳۹۸

اوّل و آخر بہتّر بار درود شریف پڑھنے کے بعد بہتّر بار اس سورہ مبارکہ کی تلاوت بہ پابندی و مقام کریگا اور پھر روزانہ پانچسو مرتبہ تلاوت کرتا رہیگا کبھی محتاج نہ ہوگا ۔

وسعتِ رزق

عمل "یَا رَزَّاقُ" ایکہزار بعدہٗ "یَا وَهَّابُ" ایکہزار درود شریف اوّل و آخر پانچ پانچ سو بار جو شخص روزانہ بعد عشاء ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اُس کو کبھی محتاج نہ کرے گا ۔

باب ششم

بابت مقہوری اعداء وبندئ زبان

ناظرین کتاب ہٰذا و مبتدی حضرات پر اس باب میں اس امر پر روشنی ڈالنا اس لئے بہتر معلوم ہوتا ہے کہ جوشِ غضب میں بسا اوقات انسان اس قدر دیوانہ ہوجاتا ہے کہ وہ کچھ دیر کے لئے اپنی عقل سلیم تک کو کھو بیٹھتا ہے اور پھر وہ اپنے دشمن کو زیر کرنے کیلئے ہر وہ راستہ اختیار کرنے لگتا ہے جو کسی حالت میں اشرف المخلوقات ہونے کی حیثیت سے اسے زیب نہیں دیتا۔ لہٰذا اس موقع پر اس کو صبر سے کام لیتے ہوئے عملیات اور تعویذات کو اپنا رہبر بنانا چاہیئے تاکہ وہ گناہِ عظیم کا مرتکب نہ ہو۔

برائے شکستگی دشمن حسب ذیل نقش دشمن کو شکست دینے میں تیر بہدف ثابت ہوا ہے طریقہ اس نقش مثلث کو پُر کرنے کا یہ ہے کہ بروز منگل بساعت مریخ اگر صاحب زائچہ کا ستارہ مخالفت نہ کر رہا ہو پاک سیاہی سے کورے کاغذ پر تیار کرکے اپنے پاس رکھے اور ہمیشہ طہارت کا خیال رکھے اور فیروزہ کی انگوٹھی اپنے استعمال میں رکھے دشمن ہمیشہ شکست خوردہ رہیگا

۹	۴	۱۱
۱۰	۸	۶
۵	۱۲	۷

برائے تحفظ ازفریب دشمن جو کوئی سورۂ کوثر کو باوضو ہوکر بروز و بعد نماز جمعہ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ خلاق عالم اس کو دشمن کے مکر وفریب سے محفوظ رکھے گا۔

برائے ہلاکیٔ دشمن جب کسی کو ظالم یا دشمن ایذا دینے پر کمربستہ ہوجائے اور اس سے کسی صورت سے بھی چھٹکارا حاصل نہ ہوسکے اور کوئی تدبیر بھی مدافعت کی باقی نہ ہو تو ایسی حالت میں کوری اینٹ لے کر لبِ دریا قبلہ رو ہوکر اکتالیس بار سورۂ یٰسین پڑھے اور ہر بار جب سورۂ یٰسین ختم ہوجائے تو ایک خط اس پہ کھینچ دے اور جب سب پڑھ چکے تو اس اینٹ پر نماز جنازہ پڑھے اور اینٹ کو اپنا عدو تصور کرکے دریا میں دفن کردے قبل اس امر کے سب سے پہلے آیۃ الکرسی کو تین سو ساٹھ بار پڑھے اور ان کے ساتھ ان کلمات کا اضافہ کرے یَا قَاہِرُ ذُوالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اس کے بعد کوری اینٹ والا عمل کرے ورنہ خطا کھائے گا۔

طریقۂ دوم زوالِ ماہ کی کسی تاریخ سے اس عمل کو دس روز تک متواتر اس طرح کرے کہ عروج ماہ کی تاریخیں شروع نہ ہونے پائیں۔ انشاء اللہ دشمن مقہور ہوگا۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ دس روز تک سورۂ فیل ہزار بار روزانہ پڑھے اور چنے کے دانوں پر شمار کرے اور جب سورہ تمام ہوا کرے تو اس دعا کو پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِسْم فُلَانَ بِنْ فُلَانِ سَرْمِیَۃً لَا اٰخَرَ لَھَا وَ اٰیَۃً مِّنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَخُذْہُ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ اور جب دس روز گزریں تو ان چنوں کو اندھے

کنویں میں ڈال دے۔

بربادیٔ عدو ہر دو نقوش مندرجہ ذیل دشمن کی تباہی اور بربادی کے لئے بے نظیر ہیں۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ زوال ماہ کی کسی نحس ساعت میں کسی تاریخ کو زوالِ آفتاب میں پکی اینٹ پر ہر دو نقوش لکھ کر کسی دریا یا کنویں میں ڈال دیں دشمن کی تباہی و بربادی یقینی ہے۔

نقوش یہ ہیں

۷۲۴	۷۱۷	۷۲۲
۷۱۹	۷۲۱	۷۲۳
۷۲۰	۷۲۵	۷۱۸

۸	۹۳۶	۹۳۹	۱
۹۳۸	۲	۷	۹۳۷
۳	۹۴۱	۹۳۴	۶
۹۳۵	۵	۴	۹۴۰

مقہوریٔ دشمن یہ نقش سورہ زلزلت کا ہے۔ اگر یہ سورہ چالیس روز تک چار ہزار بار روزانہ کے حساب بہ لحاظ پابندی وقت ورد میں رہے تو انشاء اللہ عامل کا دشمن مقہور ہوگا۔ نقش مذکور بھی اگر زحل کی ساعت میں بروز ہفتہ دشمن کی تباہی اور مقہوری کے لئے لکھا جائے گا تو تیر بہدف کام کریگا اور سورہ

۷۸۶

۳۹۹۱	۳۹۹۴	۳۹۹۷	۳۹۸۴
۳۹۹۶	۳۹۸۵	۳۹۹۰	۳۹۹۵
۳۹۸۶	۳۹۹۹	۳۹۹۲	۳۹۸۹
۳۹۹۳	۳۹۸۸	۳۹۸۷	۳۹۹۸

مذکور کی تین بار تلاوت کرنے سے ہر اقسام کے مرض میں شفا ہوتی ہے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

بابت پابندیٔ زبان یہ نقش سورہ روم کا ہے۔ دشمن کی زبان بندی کے لئے اکسیر ہے۔ چاہیئے کہ نقش مذکور کو پاک سیاہی سے کورے کاغذ پر تحریر کر کے شیشے کے برتن میں رکھے اور منھ اُس کا خوب بند کرے اور سات مرتبہ سورہ مذکور پڑھے۔

۷۸۶

۴۷۳۸۹۴	۴۷۳۸۹۷	۴۷۳۹۰۰	۴۷۳۸۸۶
۴۷۳۸۹۹	۴۷۳۸۸۷	۴۷۳۸۹۳	۴۷۳۸۹۸
۴۷۳۸۸۸	۴۷۳۹۰۲	۴۷۳۸۹۵	۴۷۳۸۹۲
۴۷۳۸۹۶	۴۷۳۸۹۱	۴۷۳۸۸۹	۴۷۳۹۰۱

ایضاً اس نقش کو لکھ کر آب رواں میں دفن کرے دشمن کی زبان بندی کے لئے بہترین نقش ہے بارہا کا آزمودہ ہے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

دولاع اوالف
۹۹۹۱ عـه عـه-الاالا ۲۹

بستم زبان فلاں بن فلاں

دیگر بابت بندئ زبان

اگر چاہتا ہے کہ تو دشمن کی زبان بند کردے اور وہ تجھ پر مہربان ہو جائے تو شب چہار شنبہ کو چار رکعت نماز پڑھ اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ تکاثر تین بار اور سورۂ فیل سات بار اور بعد سلام کے "یا قوی" تین سو بار تین راتوں تک پڑھے۔

باب ہفتم

بابت شفائے امراض و گریۂ اطفال

برائے جملہ امراض

نقوش مندرجہ ذیل کے بابت عاملین عملیات و جفار اخیار و آثار کا متفقہ مشورہ ہے کہ اگر یہ نقوش اعتماد صادق کے ساتھ بلا ناغہ چالیس روز تک کسی مریض کو خواہ وہ کسی قسم کے مرض میں علاوہ مرض الموت کے مبتلا ہو پلا دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسکو شفا ہوگی۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ پہلے سات طشتری چینی کی اور زعفران خالص و عرق گلاب خالص حاصل کیے اسکے بعد زعفران کو عرق گلاب میں کافی حل کرے۔ جب محلول تیار ہو جائے تو طشتری جو پہلے سے پاک کر کے رکھ لی گئی ہو اسی محلول سے ہر ایک نقش کو علیحدہ علیحدہ طشتری پر لکھنے کے بعد دھو کر مریض کو پلا دے۔

(۱) (۷۸۶)

سلام	علی	نوح	فی العالمین
۱۳۱	۱۱۰	۱۰۶	۳۲۲
۱۱۷	۳۲۱	۱۳۲	۱۰۹
۳۲۰	۱۱۴	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۳۱۹	۱۱۵

(۲) (۷۸۶)

سلام	علی	موسیٰ	وہارون
۱۳۱	۱۱۰	۱۱۶	۲۶۸
۱۱۷	۲۶۷	۱۳۲	۱۰۹
۲۶۶	۱۱۴	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۲۶۵	۱۱۵

(۳) (۷۸۶)

سلام ۱۲۱	علی ۱۱۰	آل ۱۳	یٰسین ۶۰
۳۲	۶۹	۱۳۲	۱۰۹
۶۸	۲۹	۱۱۳	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۳	۶۰	۳۰

(۴) (۷۸۶)

سلام ۱۳۱	قول ۱۳۷	من رب ۲۹۲	الرحیم ۲۸۹
۲۹۲	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۳	۲۸۶	۲۹۱

(۵) (۷۸۶)

سلام ۱۳۱	علی ۱۱۰	من اتبع ۵۶۳	الہدیٰ ۵۰
۵۶۴	۴۹	۱۳۲	۱۰۹
۴۸	۵۶۱	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۳	۴۷	۵۶۲

(۶) (۷۸۶)

۳۱۱۵ ۱۳۱	علیکم ۱۷۰	طبتم ۳۵۱	فادخلوھا خالدین ۱۴۲
۳۵۲	۱۳۲۱	۱۳۲	۱۶۹
۱۳۲۰	۳۴۹	۴۷۲	۱۳۳
۱۷۱	۱۳۳	۱۳۱۹	۳۵۰

(۷) (۷۸۶)

سلام ۱۳۱	حی حق ۳۳۳	مطلع ۱۳۲	الفجر ۳۱۳
۱۵۰	۳۱۳	۱۲۲	۳۳۲
۳۱۲	۱۳۷	۳۳۵	۱۸۳
۳۳۳	۱۳۳	۳۱۱	۱۳۸

بابت حصولِ شفا

نقش مندرجہ ذیل ہر بیماری میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے اگر مریض مرض الموت میں مبتلا نہیں ہے تو انشاء اللہ شفا ہوگی۔ عامل کو چاہئے کہ سب سے پہلے مریض کا لگن معلوم کرے اور اس کے حساب سے اصولی طریقہ پر پُر کرکے لوبان کی دھونی دینے کے بعد مریض کے گلے میں ڈال دے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

آیاتِ شفا

یہ وہ آیاتِ مبارکہ ہیں کہ اگر بخلوص نیت یہ آیات و سورۃ فاتحہ زعفران کو عرق گلاب میں حل کرکے اس سے چینی کی پلیٹ پر لکھنے کے بعد اس کو دھو کر مریض کو پلا دے تو اگر اس کا پیمانۂ عمر لبریز نہیں ہو چکا ہے تو انشاء اللہ شفا ہوگی۔

آیاتِ شفا یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِہَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُہٗ فِیْہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ قُلْ ھُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھُدًی وَّشِفَآءٌ ط

دُعائے شفا احادیث میں وارد ہے کہ جس بیمار پر یہ دعا خلوص نیت سے سات بار پڑھی جائے گی۔ اگر عمر اس مریض کی باقی ہے تو انشاءاللہ بہت جلد شفایاب ہوگا۔ اور وہ دُعا یہ ہے۔

نَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ

ایضاً جو کوئی بیمار ہو اُس کے کان میں یہ آیت پڑھ کر پھونک دے بہت جلد اچھا ہوجائے گا اور وہ دُعا یہ ہے

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰـہًا اٰخَرَ لَا بُرْھَانَ لَـہٗ بِہٖ فَاِنَّمَا حِسَابُہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الْکٰفِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ

ایضاً اگر عامل اس عمل کو باوضو لکھ کر عطر سے معطر کرنے کے بعد بیمار کے گلے میں ڈالے گا اور مریض پر اگر مرض موت مسلط نہیں ہے تو انشاءاللہ شفا ہوگی۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

۷۸۶

سلام	قولا	من رب	رحیم
رحیم	من رب	قولا	سلام
قولا	سلام	رحیم	من رب
من رب	رحیم	سلام	قولا

برائے دردِ سر اگر کوئی دردِ سر کا مریض ہے تو حسب ذیل نقش کو شنگل کے روز لکھ کر سر پر باندھے۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔ عاملین نے مجرب قرار دیا ہے۔ بعضے تو یہاں تک لکھتے ہیں کہ یہ نقش نصف دردِ سر کے لئے بھی مفید ہے۔

۷۸۶

ب	ب
ب	ب

بابت گریہ اطفال جو لڑکا بہت روتا ہو۔ ان آیات کو پڑھ کر اس پر دم کر دے۔ گریہ کم ہوجائے گا۔

بِحَقِّ وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ بِحَقِّ وَلَیْسَ الذَّکَرُ کَالْاُنْثٰی وَاِنِّیْ سَمَّیْتُھَا مَرْیَمَ وَاِنِّیْٓ اُعِیْذُھَا بِکَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

ایضاً جو کوئی اس آیۂ مبارکہ کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالدے گا وہ رونے سے باز رہے گا۔ آیۂ مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ھَمْسًا ۞

ایضاً جو لڑکا روتا بہت زیادہ ہو اور سوتا کم ہو۔ اس کے لئے نقش مندرجہ لھذا کار آمد ہوگا۔ چاہئے کہ نقش بھرنے کے اصول سے پُر کر کے اس کے گلے میں ڈالے۔

انشاء اللہ گریہ و بدخوابی دور ہوجائے گی۔

٧٨٦

د	ط	ب
ج	ه	ز
ح	ا	و

ایضاً

یہ نقش مبارکہ ان لڑکوں کے لئے بہت زیادہ مفید ہے جو رونے کے بہت زیادہ عادی ہو چکے ہیں لہٰذا حسب قاعدہ نقش مذکور کو با وضو قبلہ رو ہو کر بخلوص نیت پاک روشنائی سے پاک کاغذ پر لکھ کر اور اگر وسعت ہو تو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے بچے کے گلے میں ڈالدے انشاء اللہ شکایت جاتی رہے گی۔

٧٨٦

١٢١٧٦	١٢١٧٩	١٢١٨٢	١٢١٦٩
١٢١٨١	١٢١٧٠	١٢١٧٥	١٢١٨٠
١٢١٧١	١٢١٨٤	١٢١٧٧	١٢١٧٤
١٢١٧٨	١٢١٧٣	١٢١٧٢	١٢١٨٣

برائے دافع گریہ اطفال

برائے دافع گریہ اطفال یہ نقش بھی بہت ہی نافع ہے دافع ہو کہ جب بچے بہت زیادہ روتا ہو اور کوئی سبب معقول بظاہر نظر نہ آتا ہو تو نقش ہٰذا بخلوص نیت لکھ کر سرہانے رکھدے انشاء اللہ شکایت زیادتی گریہ محو ہو جائیگی لڑکا چاق و چوبند نظر آنے لگے گا اور اس ریں ریں ریں سے کبھی سابقہ نہ پڑیگا۔

ع	ع	٧	ص
ف	١٧	ع	١٣
ع	٧	١٦	١٣
١٥	٢٣	٢	١

بابِ ہشتم

طلسمات سیّارگان!

یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ ان سات ستاروں مشتری، زہرہ، شمس۔ عطارد، زحل، مریخ اور قمر پر اوّلاً سات دنوں اور بعدہٗ پورے سال کا نظام بحکم الٰہی قائم ہے۔ عاملین نے بعد دریافتگی از روئے علم ان ستاروں میں سے کچھ کو سعد یعنی نیک، کچھ کو نحس اور کچھ کو مخنث یعنی نہ وہ نیک ہیں اور نہ بد قرار دیا ہے۔ ہر سال ایک ستارہ بادشاہ اور دوسرا وزیر ہوتا ہے۔ جس کے لئے عامل کو ہر سال تقویم کی ضرورت کا پیش آنا لازمی ہے اس لئے کہ بغیر جنتری کے عامل کا کام نہ چلے گا۔ اب ہم یہاں پر یہ تحریر کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہم آپ کو ان بخورات سے آگاہ کر دیں جس کا ہر ستارہ کے عہد اقتدار میں سُلگانا عامل کے لئے بہت ضروری ہے اور جس کے نہ سُلگانے سے نقصان کا احتمال زیادہ ہے۔

مشتری: یہ ستارہ سعد اکبر اور عامل روز جمعرات ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ محبت، حاضر ہونے غائب، دافع بیماری اور گریہ اطفال وغیرہ لکھا جاتا ہے۔

بخورات:- عطر عنبر، مشک، زعفران زرد۔ صندل سرخ، صندل زرد۔ اگر، لوبان اور شکر وغیرہ ہیں۔

زہرہ:- ستارہ سعد اصغر اور عامل روز جمعہ ہے۔ اس کی ساعت سعید میں **تعویذ الفت**۔ زبان بندی، خواب بندی اور دافع گریۂ اطفال وغیرہ لکھا جاتا ہے۔ اس کے

بخورات: عطر سہاگ و مشک۔ صندل سُرخ و سفید۔ زعفران، لوبان، شکر، جوز، خوشبودار پھول ہیں۔

شمس: یہ ستارہ سعد اور عامل روز اتوار ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ محبت اور شفائے امراض وغیرہ تحریر کئے جاتے ہیں۔ اس ستارے کے

بخورات، دار چینی۔ عود، مشک اور زعفران ہیں۔

قمر:- یہ ستارہ بھی سعد ہے۔ عامل روز دوشنبہ ہے۔ اس کی ساعت میں شفائے امراض اور گریۂ اطفال وغیرہم تحریر کئے جاتے ہیں۔

بخورات:- کافور، عطر گلاب، لوبان اور عود ہے۔

عطارد: یہ ستارہ بذات خود نہ نیک ہے نہ بد (مشترک یعنی نیک کے ساتھ نیک اور بد کے ساتھ بد) عامل روز چہار شنبہ ہے۔ اس کی ساعت تعویذ محبت خواب بندی، تیغ زنی۔ گریۂ اطفال وغیرہ تحریر کئے جاتے ہیں۔

بخورات: عود، عنبر اور لوبان ہیں۔

زحل: منحوس ترین ستارہ ہے۔ اسی وجہ سے نحس اکبر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ عامل روز سنیچر ہے۔ اگر گردش میں آتا ہے تو ساہا

سال گردش میں رہتا ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ ہلاکئ اعداء مقہوری دشمن اور نفاق وغیرہ تحریر کئے جاتے ہیں۔

بخورات: عود، رال اور گوگل وغیرہ ہیں۔

مریخ: یہ ستارہ نحس اصغر ہے لیکن کوتوال فلک اور عامل روز منگل ہے۔ اس کی ساعت میں عداوت، جدائی، ہلاکی اور مقہوری کے تعویذات لکھے جاتے ہیں اور اس ستارے کے

بخورات: عود، صندل، جوز۔ اگر، عنبر، شکر، لوبان اور سیندور ہیں۔

نئے شائقین کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ ہر ستارے کی ساعت چاہے وہ اس دن کا عامل ہو یا نہ ہو کسی وقت دن میں اور کسی وقت رات میں ضرور ہوتی ہے اور اس کی مکمل تفصیل تقویم میں ہوتی ہے۔ نیز اور بہت سے مسائل ایسے ہیں جو بلا تقویم کے حل نہیں ہو سکتے۔ اس لئے عامل کے پاس جنتری کا سال بسال ہونا لازمی ہے۔ چوں کہ یہ باب طلسم سیارگان سے متعلق ہے۔ لہٰذا اور دوسری باتیں موقع سے عرض کی جائیں گی۔

طلسم زحل

طلسم مندرجہ صفحۂ ہذا کو شرف زحل میں مشک ملا کر کوئی لکھے اور بازو پر باندھے تو زحل کی نحوست زائل ہو جائیگی

طسلسس
معلهع
۵/۵/۵/

اور اگر یہ طلسم بکری کی تازہ جھلی پر بروز منگل زحل کی پہلی ساعت میں لکھ کر بازو پر باندھے تو آسیبی، بدنظری، دیو، درندگان و حشرات الارض جو سیاہ رنگ کے ہوں گے اُن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ایک سنیچر سے دوسرے سنیچر تک سیاہ تل گڑ اور تیل تلخ حسب استطاعت صدقہ دینا چاہئے۔ اور اگر ساعت زحل میں صدقہ آسمانی بھی دیتا رہے تو بہت زیادہ نافع ہوگا۔

طلسمِ مریخ

اس طلسم کو مریخ کا طلسم کہتے ہیں۔ چوں کہ یہ ستارہ کوتوال فلک ہے لہٰذا اس کی نحوست اگر دُور ہو جائے تو بہت بڑے فائدے بھی ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس ستارے کی نحوست کے دور کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بروز منگل کہ یہ ستارہ اسی روز کا عامل ہے اسی کی پہلی ساعت میں پہلے کنجد سیاہ اور روغن زرد صدقہ دے کر شنگرف کو کسی حلال جانور کے خون تازہ میں حل کر کے طلسم مذکور کو لکھ کر بازو پر باندھ لے نحوست مریخ کی زائل ہو جائیگی۔ اس کے بعد اگر طلسم مذکور تانبے کی تختی پر کندہ کرا کر گلے میں ڈال لیا جائے تو لڑائی میں فتح ہوگی۔ تلوار، تیر، نیزہ اور بندوق کی گولی کا اثر نہ ہوگا۔

٥ ٥ ٥
ع ع ا ہ ر ص
س س س

طلسمِ زہرہ

یہ طلسم کرامات زہرہ یا طلسم زہرہ کے نام سے موسوم

ہے ستارہ زہرہ عامل روز جمعہ ہے اس لئے جمعہ کے دن اول ساعت زہرہ میں بعد دینے صدقہ روغن زرد اور گوسفند۔ شیرینی قدرے سونا صدقہ دیکر ہڑتال، ہلدی اور زعفران حل کر کے اس طلسم کو لکھکر بازو پر باندھا جائے تو کشائش رزق مہربانی دشمن و مقبولیت عامہ کے لئے بیحد مفید ہے۔ نیز زن و شوہر میں نا اتفاقی کے ختم کرنے کا سبب بنے گا۔ اور غیر معمولی محبت کے پیدا کرنے کا باعث ہوگا۔ اگر یہ طلسم زعفران اور شکر سے تیار کیا جائے اور اُس کو گھول کر پلا دیا جائے تو طرفین ایک دوسرے پر جان چھڑکنے لگیں گے۔ علاوہ پہلے روز کے سونے کے بقیہ تین دن جو متواتر صدقہ دیا جائے گا اُس میں سونا نہ ہوگا۔

عا ھا لا فہ لہ
لا لمسـ کسص

طلسمِ عطارد

یہ ستارہ چوں کہ عامل روز چہارشنبہ ہے۔ اس لئے بروز چہارشنبہ اول ساعت عطارد میں بعد دینے صدقہ برنج پختہ، کنجد سیاہ و قدرے ٹکڑہ نقرہ اس طلسم کو مشک اور روشنائی سے تیار کر کے دائیں بازو پر باندھنا چاہئے۔ نحوست عطارد کی زائل ہو جائے گی۔ علم الحساب، شاعری ادب

ممہ مہ و
عسہلا ع ص
سلسا سکما

اور حکمت میں ماہر ہوگا، دشمن دوست ہوں گے۔ اگر ایک ہفتہ تک اس طلسم کو لکھ کر پلادیا جائے تو حافظہ قوی ہوگا۔

طلسمِ قمر یہ ستارہ عامل روز دوشنبہ ہے۔ اس لئے اگر اس طلسم کو بروز دوشنبہ ساعت قمر میں بعد دینے صدقہ مندرجہ ذیل اگر چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے تو عجائبات معلوم ہوں گے۔ اور ہڑتال، شنگرف اور کافور کا ایک محلول تیار کر کے اس سے یہ طلسم لکھا جائے تو نحوست قمر زائل ہوجائے گی۔ بائو، قولنج، فالج اور لقوہ کے عارضہ میں مفید ہوگا۔ اور اگر یہ طلسم لکھا ہوا قاصد کو دے راستہ بہت جلد طے کرے۔ سات روز تک سر شام برنج پختہ زرد اور روغن زرد صدقہ دینا چاہئے۔

۵۵۵۲۱۱ لسلس
طسطساھماسالا
۱۱۱ ۵ ص ص ۴۴۴

شعبدہ جات اب یہاں سے تذکرہ شعبدوں کا شروع کیا جاتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ خلاق عالم نے اس دنیا کے اندر کوئی چیز بلاسبب پیدا نہیں کی ہے۔ اب یہ ہمارا فرض ہے کہ اگر کسی چیز کی ماہیت سے آگاہ ہوجائیں تو اس کو ناجائز طریقہ پر کام میں نہ لائیں۔ ورنہ مورد عتاب الٰہی ہوں گے۔

ہُدہُد اس جانور کے خون میں جہاں اور اوصاف ہیں۔ وہاں ایک صفت یہ بھی ہے کہ اگر بطور سرمہ آنکھوں میں لگایا جائے

تو وہ شخص رات کو بلا چراغ پڑھے۔

اُلّو اگر آپ عورت کے رازِ دلی سے آگاہ ہونا چاہتے ہیں تو اُلّو کا دل جائے کتاں میں لپیٹ کر سوتی عورت کے سینے پر رکھ دیجئے۔ سب حالِ دلی کہہ دے گی۔

خونِ کبوتر ناواقفوں کے لئے یہ ایک بیش بہا شعبدہ ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی تحریر دن کو نہ پڑھی جائے تو عبارت خونِ کبوتر سے لکھے۔

بابِ نہم

متفرقات!

برائے صحت و تندرستی نقش مندرجہ ذیل صحت و تندرستی اور اچھے دماغ کے حق میں بے حد مفید ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری میں چار تعویذ تیار کرے ایک گلے میں باندھے اور بقیہ تین تعویذ تین روز تک ایک ایک تعویذ صبح سویرے نہار منہ بغیر کچھ کھائے پئے پانی میں گھول کر پی لیا کرے انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہیگا صحت اچھی رہے گی۔ دماغی قوت میں اضافہ ہوگا۔

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

برائے ترقی تجارت یہ تعویذ برائے ترقیِ تجارت و فروغ دوکانداری بہت مفید ہے۔ اگر کسی تاجر (دوکان دار) کا مال کم بکتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ بروز جمعہ ساعت زُہرہ میں بعد فارغ ہونے نماز صبح ایک سو اکیس [۱۲۱] بار درود شریف پڑھنے کے بعد تعویذ مندرجہ ہذا کو بعد ادائے تکبیر پاک کاغذ پر پاک روشنائی سے تحریر کرکے ایک تعویذ کو اندر دوکان سامنے کے رُخ پر چسپاں کردے جس سے ہر آنے جانے

والے کی نظر اس پر پڑتی رہے اور دوسرا تعویذ پانی میں گھول کر اس پانی کو تمام اسباب تجارت پر چھڑک دے اور روزانہ حسب مقدرت بنام خدا فقراء کو خیرات دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ مال بہت فروخت ہوگا۔

تعویذ یہ ہے

فاستبتر وعیلم الذی بالعتربہ

١٥٧	١٦٠	١٦٣	١٥٠
١٦٢	١٥١	١٥٦	١٦١
١٥٢	١٦٥	١٥٨	١٥٥
١٥٩	١٥٤	١٥٣	١٦٤

بابت رہائی محبوس جب کوئی شخص قید ہو جائے اور اُس کی رہائی مطلوب ہو تو بصدق دل اس آیۂ کریمہ کی تلاوت کرے انشاء اللہ اس کی رہائی کا سامان غیب سے پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَاءُ ط اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ط اس کے اول و آخر میں درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

ایضاً جب کوئی قید ہو جائے اور اس کی رہائی مقصود ہو تو چاہیئے

کہ جمعرات کے روز عروج ماہ میں بعد اشراق کے دو رکعت پڑھے بعد تمام کے کسی سے بات نہ کرے۔ اوّل سَو مرتبہ درود شریف پڑھے بعد اس کے سورۂ مزمل ۳۰ بار پڑھ کر پھر سو بار درود شریف پڑھے۔

ایضاً

یہ نقش بابت رہائی شخص مقید کے مجرب ہے۔ اگر منظور ہو کہ محبوس کی قید خانہ سے خلاصی ہو تو چاہیے کہ نقش مندرجہ ہذا کو ایک کاغذ پر جو پاک ہو ستر بار علیحدہ علیحدہ لکھے اور گولی بنا کر چالیس روز تک آب رواں میں چھوڑا کرے کامیاب ہوگا۔

۲	۱	۶۰	۹
۱۲	۴۷	۲	۱۱
۱۶	۱۸	۴	۳۴
۴۳	۶	۵	۱۹

تسخیر عوام النّاس

اسم مبارک اللّٰہ الصمد کو بخیال ادائے زکوٰۃ ایک خلوت تنہائی میں کہ جہاں کوئی بھی نہ ہو، کمال طہارت کے ساتھ لباس و مکان خاص میں تلاوت کرے جس کی تعداد چھ ہزار تین سو بار چالیس دن تک روزانہ ہوگی۔ قبل تلاوت اسم مبارکہ ایک ایک تسبیح درود شریف اوّل و آخر بار پڑھے۔ بعد پورا ہونے چلّہ روزانہ ۶۶۱ مرتبہ تلاوت کر لیا کرے۔ انشاء اللہ العزیز جس کی طرف نظر کرے گا مطیع ہوگا۔

برائے اضافۂ قابلیت

نقش مندرجہ ہذا بابت اضافۂ قابلیت و دوریِ نسیان اکسیر کا

حکم رکھتا ہے۔ لہٰذا عمل کرنے والے کا طالع یعنی لگن جیسا کہ گزشتہ صفحات میں بیان کیا جا چکا ہے۔ معلوم کرنا چاہیے۔ اس کے بعد اسی حساب سے وقت مقررہ پر نقش کو مکمل کیا جائے۔ اگر صحیح طریقہ پر عمل کیا گیا تو انشاء اللہ کامیابی قدم چومتی نظر آئے گی۔

۷۸۶

ا	ن	ا	ل	ف
ض	ل	ب	ی	د
ا	ل	ل	لا	ی
و	ت	ی	لا	م
ن	ی	ش	ا	ع

برائے حکمت

یہ نقش برائے حصول حکمت ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اوّلاً صاحبِ حاجت کا طالع یعنی لگن جس کا طریقہ ضبطِ تحریر میں آچکا ہے اسی طریقہ پر معلوم کرے اور پھر اسی حساب سے وقتِ مقررہ پر ستارے کے حساب سے بخورات روشن کرنے کے بعد بر جوع قلب درود شریف کا ورد کرتا ہوا نقش پُر کرے اور اس تعویذ

۷۸۶ یا اللہ یا محمد

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

یا علی یا علی

کو موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔

برائے تجارت

نقش مذکور تجارت میں جائز طریقہ پر کامیابی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ اور ہزاروں مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے لیکن شرط یہی ہے کہ طریقہ حصول آمدنی حلال ہو اور اگر ناجائز طریقہ کا یعنی بے ایمانی یا زیادہ نفع خوری کا راستہ جو حرام کی منزل میں پہنچتا ہے اختیار کیا گیا اور اس حالت میں اس تعویذ کو رہبر بنایا گیا تو بجائے نفع کے نقصان کثیر میں کہ پھر جس کا ازالہ ایک مدت تک کے لئے غیر ممکن ہو جائے گا۔ مبتلا ہونا پڑے گا۔ ہدایات سابقہ کے مطابق اس نقش کو تیار کر کے بازو پر باندھ لے یا دوکان کے اندر رکھ دے۔

یا اللہ ـ یا محمد ـ یا علی

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

برائے مقبولیت وفتح

نقش ہذا کو جائز طریقہ ہر کام میں لانے والا ہمیشہ باعزت و مقبول عوام ہوگا اور جس جائز مقصد کے حاصل کرنے میں جد وجہد کرے گا۔

یا اللہ ـ یا محمد ـ یا علی

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

انشاء اللہ اس کو اس میں کامیابی ہوگی اور اگر کوئی مقابلے میں آئے گا تو بُری طرح شکست کھائے گا۔ بطریق بالا نقش پُر کر کے بازو پر باندھ لے مجرب ہے۔

برائے وراثت

یہ وہ آیۃ کریمہ ہے جو سورۂ فاتحہ کے نام سے موسوم ہے بہت بڑی فضیلت کا مالک ہے۔ یہ نقش اسی سورۂ مبارکہ کا ہے۔ بطریق صفحات گزشتہ جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے۔ اس نقش کے بھی بھرنے کا وہی طریقہ ہے۔ چنانچہ بروقت تحریر نقش بخورات کا سلگانا ضروری ہے۔ ہر جائز مطالب کے برآنے میں معاونت کرتا ہے۔ وراثت کے حصول میں بہترین رہبری اس کے ذریعے سے حاصل ہوتی ہے۔ تاکیداً پھر تحریر ہے کہ امر جائز میں طالب امداد ہو۔

برائے حصولِ نعمت

نقش مندرجہ صفحہ لہٰذا بہت کارآمد اور مفید ہے۔ عاملین کا بارہا کا تجربہ کیا ہے۔ امور جائز میں اپنا رہبر بنا کر فائدہ حاصل کیجئے۔ یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ ہر جگہ اور ہر مقام پر ہم جائز اور ناجائز کی برابر تشریح کرتے چلے آرہے ہیں۔ اور اب یہاں پھر آخری مرتبہ ہم پُرزور الفاظ میں لکھ رہے ہیں کہ اس کتاب میں جتنے عملیات ونقوش ہیں وہ سب امر جائز کاموں کے لئے ہیں ناجائز کاموں کے لئے نہیں اور اگر اب بھی کوئی غرض مندنہ مانا تو یہ اُس کا ذاتی فعل ہوگا اور اس کی ذمہ داری کسی پر عائد نہیں ہوسکتی۔

یا اللہ — یا محمد — یا علی

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

اس نقش کے بھرنے کا بھی وہی طریقہ ہے جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ اولاً سائل کا طالع معلوم کرکے بعد حسب قاعدہ نقش پُر کرے اور پھر عود وعنبر ومشک کی خوشبو میں بسانے کے بعد موم جامہ میں ملفوف کرکے سیاہ کپڑے میں سِل کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔

برائے دافع آسیب

اب یہاں سے مختصراً آسیب کا بیان کیا جاتا ہے جاننا چاہئے کہ کچھ ارواح بد اور اقوام جن وغیرہ بھی اس دنیا کے اندر موجود ہیں۔ جن کا ٹکراؤ کبھی نہ کبھی کسی نہ کسی عنوان سے ہوہی جاتا ہے۔ اس لئے چند مجرب عملیات ونقوش کو تحریر کرکے اِس مختصر

مگر جامع رسالہ میں ایک نیا باب قائم کردیا گیا ہے تاکہ ضرورتمند احباب استفادہ حاصل کریں لیکن احتیاط شرط ہے ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

عزیمت سلیمانی

اگر منظور ہے کہ آسیب حاضر ہوتو عزیمت مندرجہ ذیل کو گیارہ بار خوشبودار پھولوں پر دم کرکے مریض آسیبی کو سنگھا دے اور دو ایک پھول اس پر مارے آسیب فوراً حاضر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ فَتَحُوْ لَکَ حَبِیْبَکَ حَبِیْبَکَ اَلَمْ اَلَمْ صَفَکًا اَلِیْسًا جَلْسًا بَلْسًا طَلْسًا طَلْسًا سُوْاً کَہْلاً کَہْلاً جَلْہَلاً جَلْہَلاً مَہْلاً مَہْلاً سَنْجِیًا سَنْجِیًا شَدِ تَامَنْسَبًا بَنْسِیًا بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤُدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ اُحْضُرُوْ وَمِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بِحَقِّ عَرْشِ اللّٰہِ وَکُرْسِیِّہٖ۔

برائے دفع ہونے آسیب

سات بار یہ عزیمت پھولوں پر پڑھ کر آسیب زدہ کے سر پر رکھے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط جَبِیْلًا جَبَّارًا سَمِیْعًا قَہَّارًا مُلُوْکًا دَیَّانًا اَبْطَا کُوْشِ بِاِسْمِ مَلِیْکِ قَہَّارًا بِاِسْمِ مَلِکٍ جَبَّارٍ بِاِسْمِ مَلِکٍ شَہْمِی اَسْمَاءٌ ف ۵ مترسید ورحاضر شوید بحق آں نام کہ آدم صفی اللہ خواندہ وبحق آں نام کہ نوح نبی اللہ خواندہ وبحق آں نام کہ داؤد خلیفۃ اللہ خواندہ وبحق آں نام کہ اسمٰعیل ذبیح اللہ خواندہ وبحق آں نام کہ ابراہیم خلیل اللہ خواندہ وبحق آں نام کہ موسیٰ کلیم اللہ خواندہ

وبحق آں نام کہ عیسیٰ روح اللہ خوانده وبحق آں نام کہ محمد حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خوانده وبحق آں نامہا وبعزتِ جاه و جلال ایں نامہا حاضر شود حاضر شود۔

برائے تحفظ از جنّ

جو کوئی سورۂ جن باطہارت وتقویٰ روزانہ ایک ہزار بار پڑھے اور اس کا نقش اپنے پاس رکھے جن، دیو اور پری سے محفوظ رہے گا۔ پڑھنے والا یہ عمل صرف عامل کو ہر ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کرکے دوسری جمعرات تک پڑھنا پڑے گا۔

دورانِ عمل بحساب طالع عامل بخورات کا روشن کرنا ضروری ہے ورنہ احتمالِ نقصان ہے۔

۷۸۶

۲۳۹۲	۲۳۹۵	۲۳۹۸	۲۴۱
۲۳۹۷	۲۴۲	۲۳۹۱	۲۳۹۶
۲۴۳	۲۴۰۰	۲۳۹۳	۲۳۹۰
۲۳۹۴	۲۳۸۹	۲۴۴	۲۳۹۹

دورانِ عمل ترکِ حیوانات ضروری اور لہسن پیاز تک سے پرہیز کرنا ہوگا۔

ایضاً

نقش ہذا برائے تحفظ وحصولِ شفایابی از آسیب بارہا کا آزمودہ ہے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے بروقت مرتبی نقش

۷۸۶

۱۶	۶۳۵۲۹	۶۳۵۳۵	۲
۶۳۵۳۳	۳	۱۳	۶۳۵۳۱
۶	۶۳۵۳۹	۶۳۵۲۵	۱۲
۶۳۵۲۷	۱۰	۸	۶۳۵۳۷

اصول اور قاعدہ کو جیسا کہ پیشتر بارہا دیگر مقامات پر کتاب ہذا میں تحریر کیا جاچکا ہے۔ مدِ نظر رکھے ورنہ نقصان میں مبتلا ہوگا۔

شفا از رجعت

اگر دورانِ عمل عامل مبتلائے رجعت ہوگیا ہو یا کسی مرض شدید میں مبتلا ہو کر موت وزیست کی کشمکش میں ایڑیاں رگڑ رہا ہو تو ایسی حالت میں بحکم الٰہی نقش مندرجۂ ہذا کا بہ رجوع قلب استعمال ہونا چاہیئے۔ یہ نقش متعلق آیۃ کریمہ جمیع امراض مہلک ورجعت عمل وچلہ وغیرہ بارہا کا آزمودہ اور بہت زیادہ سریع التاثیر ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ نقش آیۃ کریمہ کا حسب قاعدہ تین عدد تیار کرے بعدہٗ مریض کو پاک بستر پر لٹا کر ایک نقش سرہانے اور ایک ایک نقش دائیں ٹانگوں پر لگادے اور پھر تھوڑا سا گوشت لیکر اُس کی گیارہ بوٹیاں تیار کرے اور گیارہ بتاشے لے کر ان پر ایک سو اکتالیس ۱۴۱ بار آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے۔ پھر ایک ایک بوٹی کو چیر کر اس میں ایک ایک بتاشا رکھ کر سی دے پھر مریض کو بٹھا کر اپنے ہاتھ میں اس گوشت کو لیکر چارپائی کے گرد پھرنا شروع کرے اور سورۂ مزمل پڑھتا جائے جب ایک بار سورہ ختم ہوجائے تب مریض کو اس چارپائی پر سلادے اور گوشت کو اس کے سرھانے بحفاظت تمام رکھ دے۔ دوسرے روز علی الصباح خود بغیر کسی سے کلام کئے ہوئے مریض کو قطعی طور پر زیر آسمان بٹھا دے تاکہ چیلیں دوڑتی ہوئی اس پر سے گزریں۔ جو شخص

یہ گوشت چیلوں کو دے اس پر واجب ہے کہ وہ صبح اٹھ کر کسی سے ہمکلام نہ ہو اور اس وقت تک اپنی زبان کو بند رکھے جب تک سب گوشت چیلوں کو نہ دے لے۔ بہتر ہے کہ عامل اس صدقہ آسانی کو خود اپنے ہاتھ سے دے الا عامل اس کام کا سورۂ مزمل کی زکوٰۃ دے چکا ہو۔ اور اس عمل کا عامل جس قدر راست گفتار اور صادق القول ہوگا یعنی جھوٹ نہیں بولتا ہوگا۔ اسی قدر عمل جلد اثر کرے گا اور مریض کو شفا حاصل کرنے میں عرصہ نہ ہوگا۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۴۱۳	۴۱۶	۴۲۰	۴۰۶
۴۱۹	۴۰۷	۴۱۲	۴۱۷
۴۰۸	۴۲۲	۴۱۴	۴۱۱
۴۱۵	۴۱۰	۴۰۹	۴۲۱

تحفظ غرقیدگی آب

نقش یہ ہے

۷۸۶

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

نقش حسب مندرجہ ذیل . . .

اس آدمی کے لئے مفید ہے جو دریا میں ڈوب رہا ہو چاہئے کہ ایک تعویذ با اصول تیار کرو اور اس کو اپنے رُوبرُو عود و عنبر میں جلا دو۔ تھوڑی دیر میں ڈوبا ہوا شخص سطح آب پر آجائے گا۔

برائے فتحیابی جنگ

نقش مندرجہ ذیل ہر قسم کی بیماری سے شفایاب ہونے اور جنگ میں فتح حاصل کرنے کے لئے بے حد مفید ہے۔

۷۸۶

۹	۱۶	۲	۷
۶	۳	۱۳	۱۲
۱۵	۱۰	۸	۱
۴	۵	۱۱	۱۴

تعویذ لکھ کر سیدھے بازو پر باندھ لیجئے جنگ میں فتح حاصل ہوگی۔ بیماری سے شفایاب ہونے کے لئے مریض کا اور اس کی والدہ کا نام اور ننانوے[۹۹] ناموں سے ایک نام باری تعالیٰ کا اس پر لکھ دیجئے اور تین آبخوروں میں پانی ڈال کر تعویذ ان میں چھوڑ دیجئے تین روز تک نہار منہ یہ پانی پلائیے۔ خدا کے حکم سے بیمار اچھا ہو جائیگا۔

برائے آسانی علم

نقش مندرجہ ہذا برائے تیزی ذہن و آسانی علم مفید ہے بشرط اعتقاد برجوع قلب حسب طریقہ مندرجہ صفحات

۷۸۶

۱۱	۳	۴	۶
۵	۱۶	۴	۹
۸	۱۳	۹	۱۲
۱۰	۲	۱۵	۷

گذشتہ تحریر کرنے کے بعد نہار منہ پانی میں گھول کر پینا چاہیئے۔ اب چاہیے آپ کاغذ پر لکھ کر گھول کر پئیں یا چینی کی طشتری پر لکھ کر پئیں۔ کوئی فرق نہ پڑے گا۔ البتہ سات روز تک نہار منہ جس ترکیب سے پہلے دن آپ نے پیا ہے اسی طرح بقیہ ایام میں پینا پڑے گا۔

برائے تحفظ حشرات الارض

یہ نقش زہریلے جانوران کے گزند سے محفوظ رکھنے کے لئے اکسیر ہے۔ طریقہ اُس کا یہ ہے کہ جس شخص کی راس میں مریخ ناقص پڑا ہو اُس کے لئے سرخ عقیق کی انگوٹھی کا استعمال اور اس نقش کا اپنے پاس رکھنا بے حد مفید ہے۔

۷۸۶

۸	۳	۱۰
۹	۷	۵
۴	۱۱	۶

دشمن ہمیشہ مغلوب رہے گا۔ جس کسی کے لئے عامل اس نقش کی تیاری کی زحمت کرے اُس کا لگن معلوم کر کے مقررہ وقت پر نقش کو تیار کرنا چاہیئے۔

کامیابی برائے مقدمات

یہ نقش مقدمہ بازی اور دنیاوی معاملات وکاروباری سلسلہ کیلئے بہت ہی مفید ہے عامل اپنے ہر مشکل امور میں اس کے ذریعہ سے کامیابی حاصل کر سکتا ہے کسی کی پیدائش یا مشہور نام کی راس پر اگر

۱۲	۷	۱۴
۱۳	۱۱	۹
۸	۱۵	۱۰

زحل ناقص پڑا ہو تو وہ نیلم کا نگینہ جو نیلے رنگ کا ہو انگوٹھی میں پہنے اور نقش مذکور اپنے پاس رکھے انشاء اللہ سرسبز رہے گا۔

دافع دیوانگی

یہ تعویذ دیوانگی دُور کرنے میں مجرب ہے جو کوئی اس تعویذ کو بخلوص نیت اپنے پاس رکھے گا اگر دیوانہ ہے تو دیوانگی دور ہو جائے گی۔ اگر غفلت طاری رہتی ہو تو یہ شکایت جاتی رہے گی۔ یاد داشت بہتر ہو جائے گی اور بڑی عزت والا ہوگا۔

۱۱ ۱۱ ۷ ھ ۱۱ ۱۱م

بابت شناخت سارق

نقش مندرجہ ذیل ایک بڑے کاغذ پر لکھیں گیا ہوں خانہ (۲۵۱) کو بالکل سیاسی سے بھر کر تھوڑا سا عطر لگا دیں اور ایک نابالغ بچہ کو تعویذ دے کے اُس سے کہیں کہ وہ اس سیاہ خانہ پر نظر رکھے جس شخص کی اس میں شکل نظر آئیگی وہی چور ہوگا۔ لڑکا دیکھے گا اب اُس سے چور کے بابت دریافت کریں۔

۷۸۶

۲۴۲	۲۴۵	۲۴۸	۲۳۵
۲۴۷	۲۳۶	۲۴۱	۲۴۶
۲۳۷	۲۵۱	۲۴۳	۲۴۰
۲۴۴	۲۳۹	۲۳۸	۲۴۹

برائے ایذا رسانی

اگر منظور ہے کہ دشمن کو ایذا پہنچائی جائے اور اُس کے کاروبار کی تباہی مقصود ہو تو تعویذ ذیل لکھ کر اسکے مکان یا دوکان پر غرض کہ جہاں شخص متذکرہ کی موجودگی زیادہ تر رہتی ہو۔ رکھ دے۔ مقصد دلی حاصل ہوگا۔

دافع شب کوری | اگر چاہتا ہے کہ شب کوری دفع ہو تو لازم ہے کہ سورہ عبس کو لکھ کر اور روزانہ ستر بار تلاوت کیا کر نیز نقش مندرجہ ہذا کو کہ برائے دافع شب کوری ہے قواعد و ضوابط کو زیر نظر رکھتے ہوئے مرتب کر او سیاہ کپڑے میں بعد موم جامہ سِل کر عنبر و عود کی خوشبو سے بسانے کے بعد گلے میں ڈال لے انشاءاللہ تعالیٰ مرض شب کوری سے نجات مل جائے گی۔

۷۸۶

۹۵۷۳	۹۵۷۷	۹۵۸۰	۹۵۶۷
۹۵۷۹	۹۵۶۸	۹۵۷۴	۹۵۷۸
۹۵۶۹	۹۵۸۲	۹۵۷۵	۹۵۷۲
۹۵۷۶	۹۵۷۱	۹۵۷۰	۹۵۸۱

دیگر برائے شب کوری | برائے شب کوری دفع ہونے یہ تعویذ لکھ کر سر پر باندھے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا رَبَّ الْجَنَّۃِ وَ النَّارِ یَا رَبَّ الْاَخْیَارِ وَ الْاَشْرَارِ وَ یَا رَبَّ الْاَبْرَارِ وَ الْفُجَّارِ یَا رَبَّ الصِّغَارِ وَ الْکِبَارِ یَا رَبَّ الْاَثْمَارِ وَ الْاَشْجَارِ یَا رَبَّ الْمَحْبُوْبِ وَ الثِّمَارِ یَا رَبَّ الْجِبَالِ یَا رَبَّ الْقَہَّارِ یَا رَبَّ اللَّیْلِ وَ النَّہَارِ سُبْحَانَکَ یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ مِنْ طِیْنٍ وَ خَلَقْتَ الشَّیَاطِیْنَ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

برائے زیادتی روشنی چشم | اے دوست اگر تو چاہتا ہے کہ تیری آنکھوں میں روشنی زیادہ رہے تو تو نقش مندرجہ ذیل جو سورہ بنا کا ہے۔ باقاعدہ مرتب کر کے اپنے پاس رکھ اور اس آیتہ مبارکہ کو روزانہ ستر مرتبہ بلا ناغہ بعد نماز تلاوت کرنا شروع کر دے اور پھر اس سورہ مبارکہ کی برکت سے خداوند عالم کی قدرت کا تماشا دیکھ۔ اس سورہ کے عامل پر حسب توفیق بنام خدا مستحق کو خیرات دینی ضروری ہے نقش کو دونوں وقت بہترین خوشبو سے معطر کرتا رہ۔

۷۸۶

۱۴۸۲۳	۱۴۸۲۶	۱۴۸۲۹	۱۴۸۱۵
۱۴۸۲۸	۱۴۸۱۶	۱۴۸۲۲	۱۴۸۲۷
۱۴۸۱۷	۱۴۸۳۱	۱۴۸۲۴	۱۴۸۲۱
۱۴۸۲۵	۱۴۸۲۰	۱۴۸۱۸	۱۴۸۳۰

برائے دافع بندیٔ پیشاب

پوشیدہ نہ رہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ہر بیماری کی دوا بھی پیدا کی ہے۔ پھر کوئی وجہ نہیں کہ اگر علاج اصول اور پابندی سے کیا جائے تو شفا نہ ہو۔ یہ تعویذ انسانوں اور جانوروں تک کے لئے نافع ہے جن کا پیشاب کسی وجہ سے بند ہو گیا ہو۔ چنانچہ اس تعویذ کو گھول کر پلانے سے اس قسم کی شکایات جاتی رہیں گی۔

۷۸۶

بو	ب	ج	ع
و	ما	ی	ح
ما	و	د	۲
ک	۳	۵	۱

ایضاً

اگر کسی آدمی یا جانور کا پیشاب بند ہو جائے تو یہ آیۃ کریمہ لکھ کر اس کو پلا دے اور ایک گلے میں ڈالے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاکَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْہُ اثْنَتَا عَشْرَۃَ عَیْنًا ط

برائے دافع درد کان

جس شخص کے کان میں درد ہوتا ہو تو اس کان پر ہاتھ رکھ کر بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنے کے بعد لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا سے آخر سورۃ حشر تک پڑھے اور لوہے کی کیل ان حرفوں پر چھوئے قالی ع مر س ل انشاء اللہ شفا ہوگی۔

دیگر

جب کسی شخص کے کان میں مکھی کی آواز ہوتی ہو تو وہ کہے چند بار محمد رسول اللہ ﷺ اور دم کرے۔ درد فوراً کم ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

برائے دافع درد دنداں

جس کے دانتوں میں درد ہو اس آیۃ کریمہ کو پڑھ کر دم کرے۔ اللہ تبارک تعالیٰ اسے شفا دے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ کَانَ زَھُوْقًا ۵ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا ۵

ایضاً

جب کسی کے دانتوں میں درد ہو اور وہ درد سے اس قدر بے چین ہو کہ اسے کسی پہلو قرار نہ آتا ہو تو اس کو چاہئے کہ حسب ذیل نقش کو بر جوع قلب کے لکھ کر اپنے دانتوں میں حم مل کر اسے کسی کتے کے آگے ڈال دے۔ ع

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ب	د

برائے قوت مردمی

یہ اور اس قسم کے جتنے بھی نقوش اور عمل اس ضمن میں تحریر کئے گئے ہیں۔ فعل جائز ہیں ان سے مدد لینے کی اجازت دی گئی ہے۔ فعل حرام کیلئے

قطعی ممانعت ہے۔ لہٰذا اگر کسی نے ناجائز جسارت کی تو اس کا ذمہ دار وہ خود ہوگا واضح ہو کہ جب مرد عنین ہو تو اس نقش کو بعد الفراغ نماز فجر مقام پاک اور پاکیزہ پر رو بقبلہ بیٹھ کر بعد روشن کرنے بخورات چینی کی رکابی پر لکھ کر ایسے مرد کو پلا وے کچھ دنوں کے بعد انشاء اللہ ساری شکایات دور ہو جائینگی۔ مجرب ہے

ص	ع	ی	ھ	ک
ی	ھ	ک	ص	ع
ق	ص	ع	ی	ھ
ع	ی	ھ	ق	ص
ھ	ک	ص	ع	ی

برائے عورت جب عورت بانجھ ہو گیارہ عدد سپاری لے کر اور ہر سپاری پر اس دعا کو گیارہ بار پڑھے اور ایک سپاری عورت کو ہر روز کھلاوے انشاء اللہ تعالیٰ بانجھپن دور ہو جائیگا اور وہ صاحب اولاد ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الشَّهِيْدُ وَ اَنَا الْمَشْهُوْدُ وَ فِيْ يَدْعُوْ الْمَشْهُوْدُ لَا الشَّهِيْدُ يَا رَبِّ۔

برائے اولاد جس کے لڑکا نہ ہوتا ہو صبح کے وقت بعد فراغت نماز فجر دو رکعت نماز حاجت بخضوع و خشوع بجا لاوے اور پھر ان آیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھ لے اور ایک اپنی زوجہ منکوحہ کے باندھے تعویذ کو داہنے بازو پر باندھتے وقت اس آیۃ کو پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا

قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

برائے استقرار حمل ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب کا محلول تیار کر کے اس سے یہ آیت لکھے انشاء اللہ حمل قرار پا جائے گا۔ تعویذ عورت کے گلے میں لکھکر ڈالے وہ آیت ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۝

ایضاً بسلسلہ قرار حمل نقش ہذا بہت کارآمد ہے۔ صرف آپ اس کی عظمت کا اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اگر یہ نقش باضابطہ لکھ کر عورت عقیمہ کی کمر میں باندھ دیا جائے گا تو انشاء اللہ وہ بھی حاملہ ہو جائے گی۔ نقش مذکور یہ ہے

۷۸۶

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

ایضاً اگر حمل نہ رہتا ہو تو نقش مندرجہ ہذا کو بعد سلگانے بخور عود، عنبر و مشک عورت بائیں ران پر باندھے انشاء اللہ اولاد نرینہ ہوگی۔

۷۸۶

د ۴	ط ۹	ب ۲
ج ۳	ھ ۵	ز ۷
ح ۸	ا ۱	و ۶

ڈبہ اطفال یعنی پسلی کا آزار مثل ضیق النفس کے اکثر بچوں کو ہوتا ہے علامت اس کی یہ ہے کہ پسلی میں گڑھا پڑتا ہے اور سانس متواتر چلتی ہے۔ پس اس وقت چاہئے کہ سرکنڈہ جڑ کی طرف سے نو انگل کاٹ کر اس سے جھاڑے اور یہ افسوں پڑھتا جاوے جب سات بار پڑھ چکے تو سرکنڈہ ناپے۔ جس قدر بڑھ گیا ہو کاٹ ڈالے۔ بعدہٗ پھر جھاڑے اور ناپے غرض کہ جب تک بڑھے کاٹتا رہے۔ خدا کے فضل سے آرام ہوگا۔ افسوں یہ ہے۔
نو انگل کا سرکنڈہ کانوں دس انگل ہو جاوے۔ فلانے کا ڈبہ جھاڑوں پانی پت کو جائے دہائی شاہ بو قطب عالم کی۔

نقش برائے پسلی جس لڑکے کو پسلی کا عارضہ ہو جائے۔ یہ نقش باندھے۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

یا حاوی / یا حاوی	یا اللہ / یا اللہ
یا حاوی / یا فتاح	یا اللہ / یا فتاح

جادو جس شخص پر جادو کا شبہ ہو سورۂ معوذتین اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرے سحر دفع ہو صدہا مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے۔

ذہن کی خرابی جس لڑکے کا ذہن خراب ہو سورہ الم نشرح لکھ کر پانی سے دھو کے پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ذہین ہوئیگا۔

مصیبت اگر کوئی شخص مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو بعد نماز ظہر ۱۴۱ بار یہ دعا پڑھا کرے۔
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْل

رنج و غم جب کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہو تو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا ورد رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رنج و غم سے خلاصی پائے گا۔

زہریلے جانوروں کے کاٹنے پر کسی کو سانپ بچھو بھڑ یا کوئی اور زہریلا جانور کاٹ لے تو اس دعا کو سات مرتبہ پڑھ کر قند سیاہ (گڑ) پر دم کرے اور کھلائے یا شربت بنا کر پلا دے۔ انشاء اللہ شفا ہو۔ دعا یہ ہے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الصَّحّۃ من شر کل عفریت وجع انھم یکیدون کیدا واکید فمھل الکٰفرین امھلھم رویدا۔

دودھ کی زیادتی کیلئے دودھ کی زیادتی کے لئے یہ آیۃ کریمہ تین مرتبہ نمک پر دم کر کے کھلا دے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مثل الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی

کُلّ سنبلة مائة حبة واللہ یضعف لمن یشاء و اللہ واسع علیم ۵

بخار کے لئے بخار دفع ہونے کے لئے یہ آیتہ کریمہ پانی پر لکھے۔ اول قبل آنے بخار کے مریض اس پانی کو دیکھے۔ بخار دور ہوگا۔ اگر بخار آجائے تو اس پانی کو کنویں میں ڈال دے۔ یہ عمل تین دن کرے وہ آیت یہ ہے۔

لا یرون فیھا شمسا و لا زمھریرا۔ بخار جاتا رہے گا

دافع مرگی جو کوئی سورۂ سجدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض صرع سے امن میں رہے اور جو کوئی سورۂ واللّیل کو تین بار پڑھ کر حالت غشی میں مریض صرع پر دم کرے تو وہ اسی وقت ہوش میں آوے۔

جملہ امراضِ دل اور ہول دلی

جملہ امراضِ دل میں سورۂ فاتحہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اور چینی کی سفید رکابی میں زعفران سے لکھ کر آب باراں سے پلا دے۔

دیوانگی اور ہولِ دل کے لئے سورۂ ق لکھ کر اور گھول کر پلا دے دیوانگی ہول دل اور اسی قسم کی دیگر تمام بیماریوں اور زحمتوں سے انشاء اللہ تعالیٰ نجات ہوگی۔

امراضِ شکم کے لئے استسقا اور دیگر امراض شکم سے نجات پانے کے لئے سورۂ شعراء شریف کو لکھ کر اور آب باراں سے دھو کر مریض کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے سب امراض دور ہوں۔ آیت شریف یہ ہے۔

لا ینفع مال ولا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم۔

سورۂ لقمان لکھ کر اور پانی میں دھو کر پلانا بھی مریضِ شکم کے لئے بہت نفع بخش ہے۔

پسلی کے درد کے لئے دردِ پسلی کے واسطے۔ یہ مرض خصوصاً بچوں کو لاحق ہوا کرتا ہے۔ یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دے۔ مجرب ہے۔

یاسلام	یامحیط	یامومن	یاشافی

برائے دفع چیچک

۷۸۶

چیچک کے دفع کے لئے یہ نقش مکرم شرف آفتاب میں لکھ کر بازو پر باندھے۔ یہ نقش مکرم چیچک میں بہت سود مند ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن	الرحیم	الحمد للہ	رب العالمین
الرحمٰن الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط	الذین
انعمت علیہم	غیر المغضوب	علیہم	ولا الضالین

داڑھ اور گردن کا درد جس شخص کی داڑھ اور گردن میں درد ہو، اس نقش مکرّم کو لکھ کر اور دھو کر پئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے درد جاتا رہے گا۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

حصُول دولت کیلئے

جمعرات کے دن نمازِ صبح اور نمازِ شام کے بعد اَلْحَلِیْمُ ایک سو مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھے اور پھر یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ان ہر سہ اسمائے مبارکہ کو جن کی تعریف لکھنے سے قلم قاصر ہے۔ ہر روز بلاناغہ تین ہزار ایک سو چھپیس مرتبہ عصر اور مغرب کے درمیان آسمان کے سایہ میں سر برہنہ ہو کر پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ امیر کبیر ہو جائیں گے۔ اور جس مطلب کے لئے بھی پڑھیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اُس میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوگی۔

کامیابی مقدمات کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مصیبت یا مقدمہ میں مبتلا ہو تو بعد نماز ظہر تین آدمی بارہ ہزار مرتبہ یہ عمل پڑھیں اور تین روز متواتر پڑھتے رہیں۔ بعد ختم شیرینی

تقسیم کریں۔ پڑھنے والوں کو بھی کچھ دیں اور خیرات جتنی ہو سکے اُس سے دریغ نہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ عمل مقدس یہ ہے:

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔

مفرور کی واپسی کے لئے سورۂ یٰسین کو "من المکرمین" تک سات بار پڑھ کر قفل پر دم کریں آخر میں مفرور کا نام لے کر قفل کو بند کر کے دریا میں ڈال دیں۔ مفرور سرگرداں ہو کر واپس آئے گا۔

قیامِ حمل کیلئے عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ سورۃ الحمد شریف مع بسم اللہ و آمین پڑھ کر پانی پر دم کریں اور تھوڑا تھوڑا پانی دونوں میاں بیوی پی لیں اسی طرح سات جمعراتوں تک عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مُراد بر آئے گی۔

حفاظت حمل کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جایا کرتا ہو تو یہ آیت لکھ کر باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہیگا۔ آیت شریف یہ ہے: یَا حَفِیْظُ یَا مَالِکُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ ھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۝

دیگر برائے حفاظتِ حمل

جب حمل دو ماہ کا ہو جائے تو عورت کو زمین پر چپت لٹا کر اُس کا شوہر گیارہ مرتبہ (یامبتدع) پڑھ کر اپنی انگلی کے ساتھ سینہ سے موئے سیاہ تک حصار کر دے۔ حمل ساقط نہ ہو گا۔

آیۃ الکرسی کا عمل

بیماروں کے لئے، مقدمات کے لئے نیز ہر قسم کی مُرادوں کے لئے بعد نمازِ عشاء اکتالیس ۴۱ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنی چاہیے۔ آیۃ الکرسی (وھو العلی العظیم) تک پڑھی جائے گی، اور جب آیۃ الکرسی پڑھی جائے تو "الحی القیوم" کو تین مرتبہ اور "الا باذنہ" کو تین دفعہ کہا جائے گا۔ جس وقت یہ عمل پڑھا جائے اس جگہ روشنی نہ ہونی چاہیئے اور یہ بھی مناسب ہے کہ تنہائی اور تخلیہ میں یہ عمل پڑھا جائے اور وہاں آدمیوں کا شور و غل نہ ہونا چاہیئے۔ یہ عمل سات یا گیارہ یا اکیس یا اکتالیس راتوں تک پڑھنے کا ہے۔ لیکن عمل شروع کرنے سے پہلے نیت کر لینی چاہیئے کہ کتنی رات پڑھنے کا ہے۔ اس عمل میں کسی قسم کا پرہیز کھانے پینے کا نہیں ہے۔ ہر عمر کی عورتیں اور مرد پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن عورتوں کو خاص زمانے میں اس عمل کو نہیں پڑھنا چاہیئے کہ اس عمل میں ہر قسم کی پاکیزگی کی ضرورت ہے۔

ادائیگی قرض کیلئے ایک مجرب عمل

جو لوگ مقروض رہا کرتے ہوں، ان کو چاہیئے کہ سب سے پہلے وہ اپنے اخراجات کو گھٹانے کی کوشش کریں اور غیر ضروری اخراجات اور فضول خرچی سے باز آئیں اور خرچ گھٹا کر بچت سے قرض ادا کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے اور ادائیگی قرض کے لئے یہ عمل پڑھا کریں۔ خدا نے چاہا تو ادائیگی قرض کی آسان صورتیں پیدا ہو جائیں گی۔ عمل یہ ہے کہ رات کو روشنی گل کر کے اندھیرے میں یا باسطُ یا فتاحُ ایک سو ستر ہ بار پڑھ لیا کریں۔ یہ دونوں اسم ملا کر پڑھے جائیں اور پڑھتے وقت مٹی کے برتن میں پانی بھر کر پاس رکھ لیا جائے اور اس میں اپنے ہاتھ کو ڈبوئے ہوئے رکھنا چاہیئے۔ یعنی جب تک عمل کی تعداد پوری ہو بایاں ہاتھ پانی میں ڈوبا رہے۔ یہ عمل اکیس دن یا اکتالیس دن تک پڑھنا چاہیئے۔ خدا نے چاہا تو کوئی صورت ادائیگی قرض کی پیدا ہو جائے گی۔

ایک بے مثل عمل

اگر کسی عورت یا مرد کو اطمینان دلی کی ضرورت ہو۔ اور کسی خاص فکر کے سبب سے اس کا دل بے اطمینانی کا شکار ہو تو اس کو چاہیئے کہ ایک سو ستر مرتبہ یہ آیۃ شریفہ پڑھ لے۔ خدا نے چاہا تو فوراً سکونِ دل اور اطمینانِ قلبی حاصل ہو گا وہ آیۃ شریفہ یہ ہے "وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی" اس آیت کے معنوں کا تصور بھی کرنا

چاہئیے اسلئے اس آیت کے معنی اور مطلب کو بھی بتایا جاتا ہے۔ لفظی معنی تو اس کے یہ ہیں کہ ۔

" اور قریب ہے کہ تیرا پروردگار تجھکو عطا کرے ۔ پس تو رضامند ہوجائیگا"
حاصل مطلب یہ ہے کہ " تیری پریشانی دور کرنے کے لئے بہت جلد تیرا خدا تجھ کو ایسی چیز عطا فرمائیگا جس سے تیری فکر جاتی رہے گی اور عطیہ تیری مرضی اور خواہش کے موافق ہوگا جس سے تو مطمئن ہو جائیگا "

یہ عمل تیر بہدف ہے ۔ انسان کا دل چاہے کتنا ہی بے اطمینان ہو اور فکر چاہے کتنی ہی زیادہ ہو اس آیت کے پڑھنے سے فوراً ہی اثر ظاہر ہوتا ہے اور دل کو قرار آجاتا ہے ۔ اس کے پڑھنے کے وقت آنکھیں بند رکھی جائیں اور دل میں یہ تصور جمایا جائے کہ میں خدا کا بندہ اپنے پروردگار کے سامنے حاضر ہوں اور پروردگار کی آواز آرہی ہے کہ :
" اے میرے بندے ! تو پریشان نہ ہو میں تجھ کو اس فکر سے جلد ہی نجات دوں گا اور غیب سے ایسی چیزیں عطا کروں گا کہ تیری سب مشکلیں آسان ہوجائیں گی ۔"

پس یہ عمل جس مراد کے لئے پڑھا جائے فائدہ ہوگا ۔ اس عمل کی کوئی خاص شرط نہیں نہ دن کی قید نہ رات کی ۔ رسول کریمؐ کے زمانے سے آجتک ہزاروں نے اس کی تاثیر دیکھی اور قیامت تک لوگ دیکھیں گے ۔ آپ بھی استفادہ کیجئے ۔

برائے دفع امراض و وسواس وغیرہ

برائے تقویت قلب اور دفع وسواس شیطانیہ کے ہر روز پانچ سو بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور بعد ختم کے پورا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھا جائے ۔
دفع امراض کے لئے سورۃ فاتحہ اکتالیس بار بہ نیت شفا پڑھ لینا کافی ہے اور یہ نقش نہایت مجرّب ہے ۔

یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ ۔

صحت جسمانی کیلئے

قل ھو اللہ احد ، قل اعوذ برب الفلق ، قل اعوذ برب الناس یہ تینوں سورتیں پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہاتھوں کو اپنے تمام جسم پر پھیرے صحت جسمانی کے لئے بے حد مفید ہے ۔

برائے دفع بخار

یہ دعا پڑھ کر پھونکنے سے فوراً بخار اتر جاتا ہے اللھم ارحم جلدی الرقیق وعظمی الدقیق من شدۃ الحریق یا ام ملدم ان کنت آمنت باللہ العظیم فلا تصدع الراس ولا تنتن الفم ولا تاکلی اللحم و تشربی الدم وتحولی عنی الی من اتخذ الہا آخر مع اللہ

برائے حفظ لرزہ (جاڑا)

جو شخص پیپل (ایک درخت کا نام) کے پتے پر اس آیۃ کریمہ کو لکھے اور مریض اس

کو دیکھے۔ اگر خدانخواستہ جاڑا بخار آہی جائے تو اُس پتے کو کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔ مریض شفا پائے گا۔ وہ آیۃ کریمہ یہ ہے۔

قلنا یا نار کونی برداً و سلاماً علی ابراھیم ؏

گم شدہ چیز ملنے کیلئے

۱۱۹ مرتبہ یا حفیظ کہے اس کے بعد یہ آیت یٰبُنَیّ انھا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السمٰوٰت والارض یات بھا اللہ ۱۱۹ بار کہے وہ چیز فوراً مل جاوے۔ اگر باہر چلی جاوے تب بھی آئے اور حفاظت و امن و امان خدائے تعالےٰ میں رہے۔

اسناد بسم اللہ شریف

بسم اللہ شریف کے اسناد کتابوں میں بے حد و بے شمار اور بزرگان دین کے مجربات میں سے ہے۔ عروج ماہ میں اول دو رکعت نماز پڑھیں۔ اور پھر اول و آخر درود شریف شامل کر کے بسم اللہ شریف بارہ ہزار مرتبہ ایک ہی جلسہ میں پڑھیں تو بے شک مقصد دلی برآئے گا۔

پانی ضرر نہ پہنچائے

ایھا الماء ان ماء بیت المقدس بعث اللہ اسلام رات کو پانی پینے کی خواہش ہو اور پانی سے ضرر پہنچنے کا اندیشہ ہو تو پینے والے کو یہ دعا پڑھ کر پانی پینا چاہئے۔

کشایش رزق کے لئے سریع التاثیر

نماز فجر کے بعد

چار سو چالیس مرتبہ "یا وھابُ" اول و آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھنے کے بعد پڑھے اور تعداد مذکور پوری ہونے کے بعد دونوں ہاتھ درگاہ حق میں دراز کرے اور سات مرتبہ جملہ مندرجہ ذیل کے ساتھ دعا کرے۔ "یا وھاب ذالطول الکریم" درزق من کشادہ گرداں۔

برائے حُب

عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے دن یہ عمل اس ترکیب سے شروع کرے کہ وقت شب دوزانو قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور اپنی آنکھیں بند کر کے مطلوب کا تصور کرے۔ پہلے گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی بعدہٗ ایک ہزار دس مرتبہ اسم معظم کو پڑھے اور تصور مطلوب کا بحد رکھے جب پڑھ چکے تو مطلوب کے تصور کے سینے پر دم کرے اور اس کے دل پر اشارہ کرے کہ میرا تابعدار ہو جا۔ اسی طرح پندرہ روز تک پڑھے اور ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کر کے اسکو کھلا دے انشاء اللہ مطیع و فرمانبردار ہوگا اور اگر اس اسم معظم کو چالیس روز تک پڑھے تو اس کا عامل ہوگا۔ زکوٰۃ میں شیرینی اور آیۃ الکرسی ضرور پڑھے۔ چلہ پورا ہو تو شربت پر فاتحہ دیکر حضرت رسول کریمؐ کی نذر گزرانے اور اسکو وظیفۂ دوامی بنالے۔

اسم معظم یہ ہے:۔ یا مقلب القلوب والابصار قلب قلبہ الیّ اور اگر عورت مطلوب ہو تو اس کے لئے قلبہ کے بجائے قلبھا الیّ کہے۔

ختم شد

عملیات کی نادر کتابیں

- اسمِ اعظم
- عملیات اولیاء
- عملیات تسخیر جنات
- عملیات تسخیر دل
- عملیاتِ محبت
- عملیات عرفانی
- عملیات تسخیر ہمزاد
- عملیات کلامِ پاک
- نقشِ معظم
- حل المشکلات
- اندر جال
- چین بنگال کا جادو
- ہمدرد عاشقان
- رُوحانی علاج
- عملیات تعویذات سبحانی
- وظائف و عملیات رحمانی
- اعمالِ قرآنی
- مخزنِ عملیات
- گنجینۂ عملیات
- رُوحانی عملیات
- طبِ رُوحانی
- شفاء العلیل
- کنز الحسین
- حرزِ سلیمانی
- جواہرِ خمسہ
- شمس المعارف الکبریٰ
- آئینۂ عملیات
- نافع الخلائق
- رہنمائے عملیات
- نقشِ سلیمانی
- شافع الخلائق
- شمع شبستان رضا
- مجموعہ اعمالِ رضا
- قواعد عملیات